Mr. Deputy Chairman: Mr. Raza Rabbani, my request would be to replace the word "fraud" with through some other means or something like it.

Senator Sardar Muhammad Latif Khan Khosa: Sir, allow me a little bit to dilate on this. Sir, as Mr. Raza Rabbani is saying seventy thousand lawyers of this country have been put to total squander as a result of this Ordinance. Sir, the recommendations by all the Provincial Bar Councils headed by the Pakistan Bar Council which collected all the four provinces and we had a meeting at the headquarters and all the Provincial Bar Councils recommended certain amendments. We sent those amendments to the Law Ministry way back in the year 2002 sir. Dr. Khalid Ranjha was then the Minister for Law and he is a witness to that and he put it even in the Cabinet, somehow this could not then be brought in the shape of an Ordinance otherwise things would have been settled.

Now sir, when the Bill was produced here in the Senate, we in fact , in consultation with Mr. Bhinder and the Leader of the House Mr. Wasim Sajjad and the then Law Minister, we decided that since there is no difference of opinion between the two and since legal fraternity of Pakistan wants this in the betterment of the legal community, so we decided that we pass this in consensus but for the 54 (a) Section which unfortunately, was added and all tributes to the Leader of the House, who

is here Mr. Wasim Sajjad, when we were in the meeting of the Committee, he said how has this erupted when both of us have decided that it will be in the manner in which the Pakistan Bar Council has wanted it. Unfortunately, because of that it could not be passed.

Now, sir, this Ordinance is not being uniformly applied in the country. It is a federal legislation. It is the Legal Practitioners and Bar Councils, Act, 1976. Now in the Province of Sindh, the High Court has struck this down and said that the old law shall prevail. Kindly see, look at the absurdity, how can we take it up? The High Court of Sindh has given one verdict blunting this. There is a judicial verdict against this Ordinance. The Lahore High Court has also struck it down in the sense that the Ordinance says that the standing and eligibility to contest as a member of the Provincial Bar Council shall be ten years has been struck down by the Lahore High Court as a full bench of the Lahore High Court, three judges, they have allowed the lawyers that 7 years standing on the basis of previous provisions of the Act. So, this Ordinance has been struck down by both the courts. Now, in the Province of Balochistan, there it is also under challenge and so far as the Frontier is concerned, they have already held their elections under the previous law. So, Sir, we are talking of a federal legislation and this Ordinance is being placed before this House when all the High Courts have already struck it down.

Mr. Deputy Chairman: Thank you. We have got your point. Ranjha Sahib, do you want to say something?

Senator Dr. Khalid Ranjha: Mr. Chairman, as far as this law is concerned, it is dear to all of us who wear the black robes. This law was before the Committee. We all wanted to rush through it because it entailed provisions which related to the forthcoming Bar Council Elections. Somehow the Committee could not clear this statute although this Ordinance has been passed on the basis of total clearance given by the Committee and its verbatim copies of the recommendations sent to us by the Pakistan Bar Council. The only difficulty was that we all were trying to speed up because the elections were coming forward. In this process, the elections started on the basis of old law and some people who have applied, their nominations were accepted. Then came this law. The court has held that those persons whose nominations were accepted, they stand accepted otherwise this law is being applied retrospectively. As far as the Peshawar High Court is concerned, they had held the elections already in the face of the earlier law sir. Therefore, now confusion is being sorted out by the courts and if at all there is any dissenting judgements, I am sure the Supreme Court will decide it because the parties are going to Supreme Court also. But as far as law is concerned, there is not a word in this law which is against the recommendations made by the Pakistan Bar Council. Thank you.

Mr. Deputy Chairman: Thank you. Yes, Wasi Sahib.

Mr. Muhammad Wasi Zafar: Mr. Chairman, my colleague Mr. Ranjha has elaborated almost all the facts and I will add to it that my elder

brother Khosa , he himself was very keen of getting this Ordinance passed and he rang up thrice. That is why ....

جناب ڈپٹی چیئرمین، آپ ذرا مجھ سے بات کریں۔

Mr. Muhammad Wasi Zafar: The problem was that the elections were very near and it has been narrated that the Bill was pending with the Committee for quite a long time and no action was being taken. There were confusions. Immediately when I entered in the office, I withdrew that 54(a) and we deleted that and issued the Ordinance so that the elections can be held uniformly as in NWFP those had already been held and there was a problem and furthermore in these two months we have passed 22 legislations and this is keen interest of the government that they always look forward for getting .... and when there are no sessions, as now the National Assembly is not in session and it will be in session in January and if some emergency comes like these elections and the governments are bound and government is sometimes constrained to pass the Ordinance and those Ordinances are then again put before the Houses, those are laid, discussions are made, then Bills are made and same procedure is adopted, amendments and all that and when Parliament is there then bringing out the ordinance and laying the Bill, it hardly makes any difference. It is one and the same thing. So, merely, by editing idioms that ordinances are coming, they are not standing ordinances. The moment Parliament comes into session we lay the ordinances before the House.

Mr. Deputy Chairman: They stand laid, I think. Let us get on to the other business. No more please. They are laid and that is it. Item No. 7. We may now take up item No.7. Who will take the floor?

*(Interruption)*

جناب ڈپٹی چیئرمین ، جناب دیکھیں ' these have been laid, now you can't do anything about it. اب کتنی explanation دیں گے آپ؟

(مداخلت)

Mr. Deputy Chairman: You see, it will be a never ending discussion. For what? Are we going to get anything out of it? What?

Senator Sardar Muhammad Latif Khan Khosa: Sir, on personal explanation. Sir, let me straight the record.

سینیٹر پروفیسر محمد ابراہیم خان ، جناب ! Police Order کے بارے میں ایک گزارش ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین ، یہ آپ اسی point پر ہیں یا کسی اور چیز پر ہیں۔ Are you on the same issue?

Senator Prof. Muhammad Ibrahim Khan: Yes, sir, the same issue.

Mr. Deputy Chairman: What issue? Of the Ordinances?

سینیٹر سردار محمد لطیف خان کھوسہ ، جناب ! personal explanation تو کر لینے دیں۔

سینیٹر پروفیسر محمد ابراہیم خان، ان کے بعد میری درخواست پر بھی غور کریں۔

Mr. Deputy Chairman: Do you want to give your opinion.

Fine.

Senator Sardar Muhammad Latif Khan Khosa: Sir, the Minister is right. I did ring him up but that was much earlier, I wanted that this law should come because the Pakistan Bar Council has had also mandated me, directed me to pursue this matter in the Parliament so that the confusion amongst the lawyers community is set at rest because election is not an easy process. 70 thousand lawyers of the country are running a muck. The judicial proceedings in the courts arestuck up. We, the lawyers are only attending to the candidates. The candidates by now

ہانپ گئے ہیں what has happened is now,

kindly see, what has happened is that there is a total discrimination.

سندھ میں 32 سے 42 seats ہوگئی ہیں، پچھلے Ordinance کے تحت۔ جناب! Frontier میں
ہم نے 28 اس Ordinance کے تحت کی ہیں انہوں نے 35 already کردی ہیں، اپنی seats
بڑھالی ہیں۔ بلوچستان کی 5 سے 8 ہوگئی ہیں اور پنجاب کے ساتھ استحصال یہ ہو رہا ہے کہ پنجاب
نے اپنی 101 سے کم کر کے 75 seats کیں حالانکہ اگر پرانا Ordinance لیا جائے تو اس کی
150 seats بنتی تھیں۔ اب سندھ بھی additional seats پر election کرا رہا ہے، Frontier
already additional seats پر کرا چکا ہے، بلوچستان additional seats پر کرا رہا ہے اور
پنجاب کے ساتھ ظلم یہ ہے کہ پنجاب جس کی 150 seats ہونی چاہییں وہ اب 75 ہیں یعنی
آدھی seats پر پنجاب کا election ہو رہا ہے۔ پنجاب کے lawyers کے ساتھ یہ
discrimination اس Ordinance کی وجہ سے ہو رہی ہے۔ میں اسی لیے کہہ رہا ہوں کہ
Ordinance کو اتنا late انہوں نے enforce کیا کہ وہ تین صوبوں کی High Courts
different judgements دے چکی ہیں اور Pakistan Bar Council بھی affect ہوگا اس

سے اور ایک صوبہ اس کی وجہ سے total آدھی seats پر election کروا رہا ہے۔

Mr. Deputy Chairman: Thank you Khosa sahib. Professor sahib,

آپ کچھ کہنا چاہتے ہیں۔

سینیٹر پروفیسر محمد ابراہیم خان: جناب! Police Order جو ہے یہ 6th Schedule میں ہے' 35th پر پڑا ہوا ہے۔ The Police Order 2002. Chief Executive's Order No.22 of 2002. اور یہ 6th Schedule جو ہے اس کے بارے میں Article 268 کی clause 2 جو ہے'

the law specified in 6th Schedule shall not be altered, repealed or amended, expressedly or impliedly without the previous sanction of the President after consultation with the Prime Minister.

میری پہلی گزارش تو یہ ہے کہ کیا اس کے لیے President کا وہ حاصل کر لیا گیا ہے اور-----

جناب ڈپٹی چیئرمین، کیا حاصل کر لیا گیا ہے؟

Senator Prof. Muhammad Ibrahim Khan: Consent of the President.

دوسری بات یہ ہے کہ Police Order جو ہے یہ provincial subject ہے' یہ نہ تو Federal Legislative List میں ہے اور نہ Concurrent Legislative List میں ہے تو اس کو یہاں پر کیوں لایا گیا ہے؟ یہ حق صوبوں کو کیوں نہیں دیا جا رہا ہے کہ وہاں اس میں ترمیم کی جائے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، جی جی۔ آپ نے کیا بولنا ہے؟

سینیٹر مہیم خان بلوچ، میں ذرا کچھ اچھی بات کہوں گا۔ آج Bar Council کے ممبران کی تعداد کے حوالے سے جو بات سامنے آئی' پہلی بار ہے کہ پاکستان کے مختلف forums پر کہا جا رہا ہے اور آج ہمارے کھوسہ صاحب نے بھی یہی بات کہی کہ تینوں صوبوں کے مقابلے میں پنجاب کے ساتھ زیادتی ہوئی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر پنجاب آج زیادتی کو محسوس کرتا

ہے تو پہلے جو دوسرے صوبوں نے محسوس کیا وہ بھی درست تھا اور ان کی بات بھی آج درست ہے۔

Mr. Deputy Chairman: There is proper procedure laid down for doing this business that we are doing. Any how, let us come back on item No. 7.

*(Interruption)*

Mr. Deputy Chairman: Prof. sahib, if you really want to do it, there is a procedure laid down under Rule 132.

آپ 132 کے ذریعے آئیں

properly and then we whould do it. At this stage debate is not permissible. No. There is no point of order. Who is going to speak?

## THE ANTI-TERRORISM (SECOND AMENDMENT) BILL, 2004

Senator Dr. Shahzad Wasim: Item No. 7. Sir, I beg to move "that the Bill further to amend the Anti-terrorism Act, 1997 [The Anti-terrorism (Second Amendment) Bill, 2004], as passed by the National Assembly, be taken into cosideration."

Mr. Acting Chairman: This has already been moved. People have sopken. Five speakers have gone. I want speakers to get up and speak. You want to speak.

سینیٹر پروفیسر محمد ابراہیم، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ جناب چیئرمین۔ Anti-terrorism Act میں جو ترمیم پیش کی گئی ہے۔ اس میں سزاؤں کو بڑھایا گیا ہے۔ اس کے بارے میں، میں عرض کرنا چاہوں گا کہ سزاؤں کے بڑھانے سے نہ تو دہشت گردی ختم ہو

سکتی ہے اور نہ لاء اینڈ آرڈر کی حالت بہتر بنائی جا سکتی ہے۔ اس کے لیے تو کچھ اور کام کرنے کی ضرورت ہے۔ بنیادی طور پر یہ قانون جب 1997 میں پاس کیا گیا تھا اس وقت تو یہ صورتحال نہیں تھی۔ عالمی دہشت گردی اس وقت جس انداز میں ہے اس وقت صورتحال اس سے مختلف تھی لیکن اس وقت سے اب تک یہ اپنے مقاصد حاصل کرنے میں کامیاب نہیں رہا۔ اس کے مقاصد کے حصول کے لیے جو مقاصد اس statement میں دیے گئے ہیں ان کے لیے اس بات کی ضرورت ہے کہ اس ملک کے اندر قومی consensus ہو، عوام کو اعتماد میں لیا جائے، عدالتوں کو فعال بنایا جائے، مجرموں کو قرار واقعی سزائیں ملنے لگیں اور کوئی مجرم بھی قانون کے ہاتھ سے چھوٹنے نہ پائے، تب یہ ممکن ہے کہ اس ملک کے اندر جرائم کی روک تھام ہو اور اس ملک کے اندر امن و امان کی صورت حال بحال ہو۔ محض قانون کی کتاب کا پیٹ بھرنے سے جرائم کی روک تھام نہیں ہوسکتی اور یہاں قانون کے اندر صرف سزاؤں میں اضافہ کیا جا رہا ہے۔ آپ اس میں بہت زیادہ اضافہ بھی کر دیں، قانون میں کچھ بھی لکھ دیں لیکن زمین پر جو صورتحال اور واقعات ہیں ان کو آپ درست نہیں کرسکیں گے، اس طریقے سے یہ صورتحال بہتر نہیں ہوگی۔ اس لیے اس میں جو سزائیں دی گئی ہیں اور جو سزاؤں میں اضافہ تجویز کیا گیا ہے یہ درست نہیں ہے، یہ مناسب نہیں ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ ان سزاؤں کی بجائے یہاں اس پر بات ہو کہ کس طریقے سے ہم مجرموں کو سزا دے سکتے ہیں۔

جناب چیئرمین! میں عرض کرنا چاہوں گا کہ صرف دہشت گردی کی صورتحال نہیں بلکہ اس وقت 302 کے جو واقعات ہو جاتے ہیں اور جو قانون ملک میں مروج ہے اس قانون کی رو سے یہ قانون ہمارے اس ملک کے لیے، ہمارے عوام کے لیے بالکل اجنبی ہے، عوام کچھ نہیں سمجھتے ہیں۔ اس قانون کا procedural law میں بالخصوص عرض کروں گا کہ اس میں اتنے سقم ہیں کہ اس کی وجہ سے مجرم چھوٹ جاتے ہیں اور مجرموں کو قرار واقعی سزا نہیں ملتی اور اس کی وجہ سے پھر جرائم بھی ہوتے ہیں۔ جناب چیئرمین! میں عرض کرنا چاہوں گا کہ قرآن عظیم الشان میں قصاص کی سب سے بڑی حکمت اللہ تعالیٰ نے یہ ارشاد فرمائی ہے (عربی) اے عقل رکھنے والو تمہارے لیے قصاص میں زندگی ہے اور یہ سوچا جاتا ہے ۔ یعنی اگر عام آدمی سوچے کہ ایک آدمی تو مر چکا ہے، مقتول تو مر چکا ہے اب قاتل کو بھی اگر مارا جائے تو اس کے معنی یہ ہیں کہ دو

آدمی مرگئے، لیکن اصل بات یہ ہے کہ اس قاتل کو اگر مارا جائے، ایک شخص جو معاشرے کے خلاف اٹھا ہے اور وہ افراد کا خون بہا رہا ہے، افراد کی جان لے رہا ہے اگر اس فرد کے خون سے جو ناسور بن چکا ہے، گز بھر زمین کو رنگین کر دیا جائے تو جناب چیئرمین! اس کے ہاتھوں کوئی اور ہلاک نہیں ہوگا اور دوسرے بھی عبرت حاصل کریں گے۔ اس طریقے سے یہ حکمت بیان فرمائی گئی ہے۔ اس بات کی ضرورت ہے کہ procedure of law میں ایسی تبدیلیاں لائی جائیں کہ مجرم کو قرار واقعی سزا ملے۔ اس میں جو ابہام ہیں ان کو دور کیا جائے۔ جناب چیئرمین! اسلام میں قسامت کا قانون ہے اورقسم لیا جاتا ہے اس علاقے کے افراد سے اور اس میں ایسا طریقہ اختیار کیا جاتا ہے کہ اس کے نتیجے میں مجرم پکڑا جاتا ہے اور مجرم کو سزا بھی ملتی ہے۔ یہاں صورتحال یہ ہے کہ سزائیں بڑھا دی جاتی ہیں لیکن مجرم کو پکڑنے اور پھر ایسا طریقہ اختیار کرنا کہ مجرم کو قرار واقعی سزا ملے اس بارے میں اس قانون کے اندر کوئی بات نہیں ہے۔ قانون اس بارے میں خاموش ہے۔ اس لیے محض سزائیں بڑھانے سے صورتحال کوئی بہتر نہیں ہوسکتی۔ اس بات کی ضرورت ہے کہ حالات کو بہتر بنانے کے لیے procedural law میں بھی تبدیلیاں لائی جائیں، قوم کو educate بھی کیا جائے اور جناب! آخری بات عرض کرنا چاہتا ہوں کہ امن وامان کی صورت حال کو بہتر بنانے کے لیے اور دہشت گردی پر قابو پانے کے لیے ہمارے پاس دو بہترین ذرائع ہیں، ایک long term اور دوسرا short term، اس short term میں ہم ذرائع ابلاغ کو استعمال کر سکتے ہیں، معاشرے کو educate کرنے کے لیے اور معاشرے کے حالات بہتر بنانے کے لیے اور long term میں نظام تعلیم کو استعمال کیا جا سکتا ہے اور اس طریقے سے حالات پر قابو پایا جا سکتا ہے۔ شکریہ جناب۔

Mr. Deputy Chairman: Any other speaker who wants to speak. Yes, Sanaullah Sahib.

سینیٹر ثناء اللہ بلوچ، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ جناب چیئرمین۔ جس طرح میرے دوست پروفیسر صاحب نے یہ فرمایا کہ Anti-terrorism Act, 1997 میں حکومت کو جو ترمیم مقصود ہے اس سے بنیادی طور پر سزائیں زیادہ کر کے لوگوں کو جرائم سے خائف کرنا یا

ان کی حوصلہ شکنی کرنا مقصود ہے۔ میں زیادہ بات نہیں کروں گا۔ کل ہی قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی یعنی Standing Committee کا ایک اجلاس ہوا تھا جس میں ملک کے اندر جو overall صورت حال ہے، جو law and order کی situation ہے، جو ایک unrest ہے اس پر بحث ہوئی تھی۔ اس میں میرے دوست وزیرمملکت شاہد وسیم صاحب بھی تشریف فرما تھے اور انہی کے اعدادوشمار کے مطابق اس وقت پاکستان میں 1997ء سے لے کر 2004ء تک کوئی 67079 انسان قتل ہوئے اور 10728 گاڑیاں چوری ہوئیں۔ اس کے علاوہ انہوں نے مدرسوں کے issue پر بھی بحث کی تھی۔ بلوچستان میں امن و امان، بم دھماکے، راکٹ فائرنگ پر بھی بات کی تھی۔ Sir, میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ یہاں پر چند ایک پالیسیاں ہیں۔ ہم جب terrorism کو internationally address کرتے ہیں، ہمارا جو نام نہاد صدر پاکستان ہے وہ جب باہر جاتا ہے اور international terrorism پر جب address کرتا ہے تو وہ کہتا ہے کہ terrorism کی root causes کو سمجھنے کی ضرورت ہے۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین، دیکھو ثناء اللہ پھربات بڑھ جائے گی۔ رضا خان! بیٹھ جاؤ، میری ان سے بات ہو رہی ہے، آپ بیٹھ جائیں۔ You enjoy the entire benefits of this country. Every time when it comes to it, you know you had it from the wrong side. Please don't do it. Please stay within the bounds, stay within the bounds. Give your point of view. You are totally out of bound. Please جناب! میں نے آپ سے کہا ہے، عرض کی ہے کہ بولنا ہے تو بولیں، طریقے سے بولیں۔

سینیٹر ثناء اللہ بلوچ، جناب! کہنے کا مقصد یہ ہے کہ اس ملک کا ایک ذمہ دار شخص جا کے internationally, United Nations میں، فرانس میں، امریکہ میں کہتا ہے کہ terrorism کے root causes کو سمجھنے کی ضرورت ہے اور terrorism سے deal کرنے کے لیے دنیا کے اندر دو فلسفے ہیں جن میں ایک طاقت کا استعمال ہے اور دوسرا افہام وتفہیم اور سیاسی معاملات کو حل کرنے کا نقطہ نگاہ ہے۔

جناب والا! جب آپ internationally کشمیر کے لیے، فلسطینیوں کے لیے، دوسروں کے لیے کہتے ہیں کہ terrorism کو سنجیدہ طریقے سے deal کرنے کی ضرورت ہے تو پاکستان کے اندر کیوں طاقت کے ذریعے، FIR کے ذریعے، جیلوں اور زندان کے ذریعے، پھانسی گھاٹ کے ذریعے اور extra-judicial killings کے ذریعے آپ terrorism کو address کر رہے ہیں۔ آپ کے یہ جو سخت قوانین بننے جا رہے ہیں اس میں Standing Committee کی wording ہے، کل اس نے یہ کہا کہ پاکستان کے اندر امن و امان کی صورت حال اور دہشت گردی کی ذمہ دار پولیس ہے اور دوسری جانب کل ہی ہمیں، بلوچستان کے اراکین سینیٹ کو ایک briefing دی گئی تھی اور یہ کہا گیا کہ بلوچستان میں mega projects ہیں اور ان mega projects میں ایک project یہ بھی تھا کہ بلوچستان کی روایتی levies کو ختم کر کے پولیس سسٹم کو enforce کرنے کے لیے اور B Area سے اس کو A Area میں convert کرنے کے لیے پانچ ارب روپے مختص کیے گئے ہیں تاکہ جو جرائم کوئٹہ تک پولیس کے ہاں محدود ہیں ان کو پورے بلوچستان میں پھیلایا جائے اور terrorism کو فروغ دیا جائے۔

جناب والا! ہمارے کہنے کا مقصد یہ ہے اور جیسے کہ میں نے ہمیشہ یہ کہا ہے کہ جو ہمارا Constitution ہے، جو ہمارا فلسفہ ہے، جس فلسفے کے تحت یہ ملک بنا تھا، ہماری ساری حکومتیں اس سیاسی فلسفے کے خلاف کام کر رہی ہیں۔ بعض دفعہ یہ کسی کو غدار قرار دینے اور اس کے متعلق certificate جاری کرنے میں بڑے بادشاہ ہیں۔ ان کے پاس Pakistan Printing Press ہے۔ ہر دوسرے آدمی کے لیے ایسا certificate جاری کر دیتے ہیں۔ سردار اختر مینگل سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان کے خلاف Anti-terrorism Act کے تحت FIR کاٹی گئی ہے۔ ایک گوادر والی FIR ان پر تھونپ دی گئی اور دوسری خضدار میں ایک واقعہ کروا کر تھونپ دی گئی ہے۔ جناب والا! یہ کل ہونے والی Standing Committee کا بیان ہے کہ بلوچستان میں 63 bomb blasts ہوئے، rockets چلے یا جو killings ہوئیں، ان کے بارے میں انہیں کوئی علم نہیں ہے۔ جناب والا! اگر کل Standing Committee کہتی ہے کہ ہمیں ان کے بارے میں کوئی علم نہیں ہے تو پھر 12 FIR, کا درج ہونا، بلوچستان میں تین سو political workers--- جب آج صبح میں یہاں point of order اٹھانے کی بہت کوشش کر رہا تھا، اس وقت میں یہ

کہنا چاہ رہا تھا کہ ایک صاحب علی اصغر ولد غلام نبی ہیں جو گزشتہ 18---

**Mr. Deputy Chairman:** Sanaullah Sahib, just a minute...

**سینیٹر ثناء اللہ بلوچ:** جناب والا! یہ کل terrorist بن جائے گا۔

**Mr. Deputy Chairman:** No.No.

**Senator Sanaullah Baloch:** Please listen to me.

**Mr. Deputy Chairman:** I want to hear you but I want to tell you, I want to remind you that general provisions of this Bill are supposed to be discussed in the discussion.

**Senator Sanaullah Baloch:** OK, sir, I am going to...

**Mr. Deputy Chairman:** This is not general discussion.

**سینیٹر ثناء اللہ بلوچ :** جناب والا! تھوڑی سی تمہید تو بنا لوں۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** آپ تمہید ہی تمہید ہیں۔ . You are working only on "تمہید"۔ آپ اپنی بات پر اب آئیں اور اسے ختم کریں۔

**سینیٹر ثناء اللہ بلوچ،** جناب والا! آپ نے کوئی limits ہی نہیں بتائیں کہ ہم نے ایک گھنٹہ، آدھا گھنٹہ بولنا ہے یا کتنے وقت تک بولنا ہے۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** آپ بولیں مگر اس طریقے سے بولیں جیسے سب نے بولا ہے۔

**سینیٹر ثناء اللہ بلوچ،** جناب والا! میں clause by clause بات کروں گا۔ جناب والا! میرے کہنے کا مقصد یہ ہے کہ اب بھی لوگوں کو سرکاری اور ریاست کی پالیسیاں دہشت گرد بنا رہی ہیں۔ لوگوں کو خود کوئی شوق نہیں ہے کہ وہ دہشت گردی کی طرف جائیں۔ آپ نے دیکھ لیا ہے کہ ملک میں غربت کتنی تیزی سے بڑھ رہی ہے۔ 63% لوگ غربت کی شرح سے نیچے زندگی گزار رہے ہیں۔ جناب والا! آپ تمام صوبوں میں جائیں تو آپ کو معلوم ہوگا کہ آپ جو کہہ

رہے ہیں کہ ہم ملک کی economy کو مضبوط بنا رہے ہیں' ایسا نہیں ہے بلکہ آپ غربت بڑھاؤ مہم پر مصروف عمل ہیں۔ بغیر تعلیم کے کتنے لوگ ہیں؟ لوگوں کے پاس سکولوں کے لیے عمارتیں نہیں ہیں جہاں پر وہ جا کر تعلیم حاصل کر سکیں۔ پینے کے لیے صاف پانی نہیں ہے۔ ملک میں قانون اور انصاف کی حکمرانی نہیں ہے۔ لہٰذا یہ terrorism کو خود---

**جناب ڈپٹی چیئرمین** : آپ کے Bill میں یہ سب ہے؟

**سینیٹر ثناء اللہ بلوچ**، جناب والا! ان کے Bill میں سب کچھ ہے۔ان کے دل میں بھی ہے اور Bill میں بھی ہے۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین** : ثنا صاحب۔

**سینیٹر ثناء اللہ بلوچ**، جناب والا! میں مختصراً عرض کرتا ہوں ۔ پتا نہیں آپ آج کل کیوں زیادہ ناراض ہو رہے ہیں۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین** : میں ناراض نہیں ہو رہا بلکہ آپ پٹڑی سے اتر رہے تھے۔

**سینیٹر ثناء اللہ بلوچ**، آپ میری بات سنیں۔ We are politicians اور کوئی بھی politician جو کسی بھی علاقے سے belong کرتا ہے---

**سینیٹر گلشن سعید** : جناب والا! یہ پچاس سالوں سے یہی باتیں کہہ رہے ہیں---

(مداخلت)

**جناب ڈپٹی چیئرمین** : آپ بیٹھ جائیں۔ آپ چھوڑ دیں۔

**سینیٹر ثناء اللہ بلوچ**، بی بی ! ہم پچاس سال سے یہی کھیل کھیل رہے ہیں اور آپ لوگ جو پچاس سال سے کھیل کھیل رہے ہیں' اس کا بھی آپ کو پتا ہے۔ ہم تو ان سب باتوں کو جانے دے رہے ہیں اور اس ملک کو بچانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ آپ لوگوں کو صحیح راستے پر لانے کی کوشش کر رہے ہیں۔

Mr. Deputy Chairman: Please, do not react.

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین : آپ بیٹھ جائیں۔

سینیٹر ثناء اللہ بلوچ : آپ ہیں کہ ساری دنیا کو دھکا دیتے ہیں۔

Mr. Deputy Chairman: Please sit down.

سینیٹر ثناء اللہ بلوچ، میں مختصراً عرض کرتا ہوں کہ بجائے اس کے کہ ہماری باتوں سے کوئی بہن ناراض ہو جائے، میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : بھائی بھی ناراض ہیں۔

سینیٹر ثناء اللہ بلوچ، بھائی بھی ناراض ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : ہوں۔

سینیٹر ثناء اللہ بلوچ، چلو۔ بھائیوں سے تو لپٹ کر انہیں خوش کر لیں گے۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : ہاں۔ یہ ہے مگر ادھر ذرا مشکل ہو جائے گی۔ آپ بولیں۔

(قہقہے)

سینیٹر ثناء اللہ بلوچ، میں صرف شہزاد وسیم صاحب سے جوکہ ہمارے نوجوان دوستوں میں سے ہیں، گزارش کروں گا کہ آپ کے جنرل صاحب کی جو philosophy ہے regarding to deal with terrorism اس میں وہ اپنے رویوں میں سنجیدہ تبدیلی لائیں۔ بجائے اس کے کہ آپ لفظوں کے ہیر پھیر، اتار چڑھاؤ، سخت قوانین بنانے سے لوگوں کو مزید terrorism کی طرف مجبور کریں۔ آئیں! ہم یہ معلوم کریں کہ پاکستان میں دہشت گردی کے واقعات کیوں زیادہ ہو رہے ہیں۔ کیوں لوگ ریاست اور ریاست کی machinery کے خلاف reactionary ہو رہے ہیں؟ اگر آپ یہ کریں گے تو پھر آپ terrorism اور terrorism سے متعلق سارے مسائل کو سمجھنے میں کامیاب ہوں گے۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : کھوسہ صاحب۔

سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم : جناب والا! میں Standing Committee کے حوالے سے کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں۔

Mr. Deputy Chairman: I believe that you had a meeting yesterday.

سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم : جناب والا! وہ نیشنل اسمبلی کی Standing Committee on Interior کی meeting تھی جس میں ثناء اللہ صاحب موجود نہیں تھے۔ میں وہاں پر موجود تھا۔جناب والا! بات یہ ہے کہ جو بات انہیں "وارا" کھاتی ہے، وہ اسے اپنے حساب سے پیش کر دیتے ہیں۔ وہاں بلوچستان کی صورت حال پر کوئی بحث نہیں ہوئی ہے بلکہ FC کے متعلق بات کرنے کے باوجود اس پر کسی نے بات نہیں کی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: یہ کیا بات ہوئی، یعنی بات کرنے کے باوجود بھی بات نہیں ہوئی۔

سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم : جناب والا! ہم نے خود انہیں کہا ہے کہ اگر اس پر کوئی بات کرنا چاہتا ہے تو کرے ہم نے خود initiative لیا جو FC کے چیف تھے ان کو کہا کہ آپ اپنا point of view بتائیں۔ Secondly جو figures بتا رہے، جناب! انہیں کہیں کہ جو figures انہوں نے بتائی ہیں ذرا comparative statement بھی بتائیں جو Standing Committee میں پیش کی گئی تھیں اور وہ comparative statement بتاتی ہے کہ اس کے باوجود کہ اس وقت دہشت گردی کی لپیٹ میں پورا جہاں ہے صرف ہمارا ملک نہیں، ہم crime کی شرح reasonable حد تک رکھنے میں کامیاب ہوئے ہیں۔ میں صرف ریکارڈ کی بات کر رہا ہوں، باقی ان کی باتوں کے جواب جب wind up کریں گے تو پھر انشا اللہ میں تفصیل سے بتاؤں گا۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، کھوسہ صاحب بولیں۔

Senator Sardar Muhammad Latif Khan Khosa: Mr. Chairman, I am grateful for giving me the floor on an improtrant issue which pertains to legislation of certain laws, punitive laws and penal laws of the country. Sir, may I very respectfully submit that when the Muslim

League Nawaz Government wanted to promulgate this Ordinance, this Act and this legislation, the then Chief Justice of Pakistan Mr. Sajjad Ali Shah and the Law Commission which comprised all the Chief Justices of four provinces, they decided and they also made it clear to the Prime Minister of Pakistan, the then Prime Minister of Pakistan that there should beuniformity of law which should be understandable to the people of Pakistan andlet's not go on creating courts and foras, we should not create complications in the minds of the people and give a leverage to the police because the experience unfortunately we had with our police is when *'Hadood Ordinance'* was brought in, the speedy courts Ordinance was brought in, then the police used to bargain and say which is the section of law or which is the law which you want me to apply. So, they had specific rates for Pakistan Penal Code, they had a softer rate because that went to the ordinary courts where people could get justice and was the free atmosphere and the defence wanted that.

Then there was another which was *'Hadood Ordinance'* which was slightly stringent and then the speedy courts came in and they said "do you want me to write the word *'Klashnikov'* in the FIR", because then it will go to another forum and another court all together. So, what we sawin the legal fraternity is that these provisions were so abused that gave a leverage to the police and the poor unfortunate public had to suffer becuase by adding one word and omitting one word, it was a different forum altogether in which the courts were to dertermine and the accused and the parties were sent to a different court. So, these were tiers which

was sought to be created. And seeing all this injustice being meted out by the forums including the Chief Justice of Pakistan and the four provincial Chief Justices, the then Chief Justice said and he spook to the Prime Minister saying "please don't create this law and a new fora because what unfortunately we have seen is the tendency of the government to bring in new people and new foras and empower the police to such an extent that the powers are all misused."

Sir, however, unfortunately since the courts were created then there was a provision in the Act itself which is also in this. That it shall be the Chief Justices of the provinces who shall nominate the Additional Sessions Judges for doing these cases because what the Chief Justice of Pakistan and four Chief Justices said, we are as much concerned. Sir, I want order in the House.

**Mr. Deputy Chairman:** Can we pay attention to the speaker? Let's hear the speech.

**Senator Sardar Muhammad Latif Khan Khosa:** Sir, the Chief Justice of Pakistan and the four Chiefs, they said, "we are as much concerned for the safety of the people of Pakistan as any other Pakistani. The terrorism is a menace, we also want to curb it. So, please give us this authority and jurisdiction, we will specify the senior most Additional Sessions Judges only for doning these cases. We will make sure that these cases proceed on day to day basis, we will limit the period of deciding these cases. We will also make sure that the appeals are before

the High Court, before Special Benches, who will have no other work except to decide these cases and we will make sure that expeditious decisions are made. In the Code itself 302 is punishable with death, in the Code itself, 324 and explosive act are punishable already, terrorism is punishable already, the rioting is punishable already, there are all offences which are cartered for and please don't create another fora, we will within the dispensation which exists, we will make sure that the people of Pakistan get expeditious justice and these culprits who are responsible for the heinous crimes, they are booked and they are expeditiously dealt with according to the law.

Now, unfortunately what happened is that there was the historical strife which goes on between the Chief Justice of Pakistan and the Prime Minister, because the Prime Minister went through these speedy courts, he even went through the process of constituting military courts, the Ordinance was set aside by the Supreme Court ultimately saying this is against the fundamental rights. But, what happened is then the Chief Justice of Pakistan had directed his Chief Justices not to nominate judgesfor these purposes. But unfortunately, we saw that in the Lahore High Court, the Chief Justice, he nominated certain judges and then the Chief Justice of Pakistan said, I want judges in the Supreme Court and there was a little roar which ultimately lead to the debacle which we have seen and the worst debacle on the judiciary in the history of Pakistan.

Sir, we are again trying to repeat this. Now, the Ordinance which is before us, otherwise the original 1997 Act also went before the Supreme

Court in Mehram Ali's case, and the Supreme Court struck down many of the provisions including the provision where the confession before the DSP was made admissible and many other provisions were struck down. It said that the Superintendent has to be by the judiciary under Article 205, and there is no question that it will be under the administrative set up or under the administrative high rank.

Now. sir, what we find is there is a trichotomy of power going on unfortunately. Although the statute says, within three months the decision shall be made, the judiciary has never gone for three months, there is no appeal in the High Court ever which has decided within three months despite the provision in the statute. So, why have a provision in the statute, which is not executable, which can't be implemented, which the courts have declared as loud lawful authority or struck it down or otherwise ignore it completely. Now, what unfortunately will happen under this, you have made a rioting also as terrorism, what will happen. I take a protest procession in the courts, which is of course where the politicians go, which is of course where the people of Pakistan go. That you take a procession to the courts to make a representation before the Bar Association or the Bar Council and then the Bar Council or the Bar Association goes before the Chief Justice or the Judges as the case is or before the Court. Now, here you will prosecute them under the Terrorism Act saying that you have committed terror. So, it will be used against the politicians, it will be used to silence the voice of the people of Pakistan. It will not be conducive to democracy, it will be strifling the voice of the

people of Pakistan. Sir, legislations are not made for a particular purpose. As Nawaz Sharif said, thank God the Court have struck down this MilitaryCourt, otherwise the Military Courts would have been trying me today. So, let's not say that this is any time specific. Legislation must be for all times, so, it is not necessary today my learned friends are sitting on the Treasury side, they may be tomorrow on this side. So, let's make a law which equally helpful to them and equally beneficial to us and the people of Pakistan. Sir, this will give a complete leverage, unfortunately, to the police to apply these various sections. Now, what they have said, sir, this is one of my personal cases, personal means as a lawyer, it came to my notice. There was unfortunately a girl who came from Canada, who was aneducated, adult person. She married here a Pakistani doctor, the parents rushed back and they said

اس نے بے عزت کرا دیا ہے۔ خاندان فلاں ہے۔

Now, they come here, they approached somebody, get a case registered, the girl has gone to the Court, they get her arrested because they have a lot of influence, the girl is baffled, she says in the Court, I want to go with the husband but then they said ok, we will send you with the husband but let there be a rapprochement, so she goes back, after 7 days when she comes she is absolutely confused and she says I won't go with the husband neither I have married him. As usual story goes, then what happens is they apply Terrorism Act against the parents and arrested the entire family. Sir, Section-7 of Terrorism Act was applied just because it was the case where the girl had married and what was the charge, the

charge goes that the parents have demanded ransom to return the girl. Now, how easy it is to just write one word and here we have used these words to make it a case punishable with death sentence. We have defined the definition of terrorism and added this. Sir, this is a country where unfortunately the police is so un-scrupulous. Can you really empower the police with such powers? We are not saying that the investigating agency or the judicial forum would be determining it, we are giving this leverage to apply these sections and prosecute me or any Pakistani through a police officer and the police officer whom we have the experience that when there were many laws of Zia-ul-Haq and others, they were applying and misapplying all these laws after taking money from either of these two sides. So, we have this experience already, kindly see, we should rather make laws which are beneficial to the people of Pakistan instead of that we make repressive laws. So, for God's sake let us make laws which are uniformed for all times to come and I am sure my friends sitting on that side, they are also conscious. Sir, is it just that you go on enhancing sentences, is that the solution for peace in Pakistan, is that the solution whereby you are going to curb crime in the country? What have they done? They have enhanced the sentences in various sections. Sir,

I will not name, مجھے یہ بتائیں کہ ایک terrorist بھی پکڑا گیا ہے' میں نے اگلے دن کھوسہ صاحب! somebody very high of the ISI was travelling with me, he said please, tell me some way whereby we can have these people tried and appeals concluded expeditiously so that people of terrorism activities are punished and there is an impact on society. I laughed, I said, first you tell

me that whenever a terrorist is arrested, if wrongly he has arrested, do you know? How your police investigate and how your agencies because I know, it is a fact, the agencies of the police sir, they hide their face, they muffle up their face when they are investigating or interogating them. Believe me sir, that before a genuine terrorist, a police officer does not even show his own face when he is interogating him in the police station. This is the state of affairs and when he goes, he says

کہ دیکھو! میں فلاں بندہ ہوں، تم ہوش میں رہنا، تمہارے بچے باہر بھی ہیں، فلانے بھی ہیں،

and that ends the matter. Unfortunately that happens.

Now, what we are doing in this is, we are creating another court and empowering them with certain offences. Sir, in one court, do you know sir, that the expenses incurred on one anti-terrorism court are equal to ten sessions judges. There is a full brigade of police armed guards sir, 24 hours interchanging at the house, at the offices, everybody attached to their childern. We had the case in Multan which was tried and then the Judge and his entire family was given visas for Canada and they are settled there. This is no way of trying these cases, this is no way of bringing peace to this country . Sir, kindly see these expenses should be given over to the sessions judges, to the chief justices so that the session judges are strengthened and in the same singular hierarchy of administration of justice we are able to decide these cases and bring in peace and there is a clarity and the people of Pakistan know exactly what forum is available. Sir, terrorists are not arrested, they are either shot dead or they fly out.

جناب ڈپٹی چیئرمین، کھوسہ صاحب! ذرا wind up کریں۔

سینیٹر سردار محمد لطیف خان کھوسہ، جی میں wind up کرنے لگا ہوں۔

So, I would submit that the effectiveness, we are going to have substantial laws for the people of Pakistan. I think instead of being a repressive and cruel and instead of giving a leverage to the police to misuse these laws, I think, we should give a sagacious thought, we must think over it, ponder over it and bring laws which are helpful for all times, which are not capable to be misused. Thank you very much, I am grateful to you.

Mr. Deputy Chairman: Thank you. Thahim sahib.

Senator Justice (R) Abdul A. Razak Thahim: Mr. Chairman, Thank you. I have got great regards for Mr. Khosa and he has given detailed arguments so far Terrorist Act is concerned. I am only as compelled to say something that if any terrorist is arrested and this amendment is to give a deterrent punishment to the person who is a convict. Leaving aside the arguments and views about the terrorists acts, this Act is a law which is not a subject matter of today. Sir, I was very hurtand panic when I heard that three honourable Judges have been abducted.

جناب ڈپٹی چیئرمین، آپ کی آواز نہیں آ رہی۔

Senator Justice (R) Abdul Razak A. Thahim: Three honourableJudges of Shikarpur have been abducted, nine Hindus have been abducted. If accused are arrested, should we believe into this. This

amendment is only to the extent that if any person, after the process of law, is convicted, should be given the deterrent punishment. So, it should be confined to that extent and that sir, today if you read in the papers of Karachi that three Afghans with Kalashinkovs entered in the house of a businessman and they have robbed and thanks God that two were killed and one has been arrested. It is a daily routine in Karachi, in Sindh that these terrorists are working so boldly that demands to be discussed somewhere that what is the position of law and order but sir, once they are convicted, they deserve deterrent punishment and these amendments are to that extent, I therefore, support the amendments and we should not be lenient to the convicts. We should not be lenient to those who have been, after process of law, convicted, they should be given deterrent punishment. Thank you very much.

Mr. Deputy Chairman: Thank you. Kumaili sahib.

سینیٹر محمد عباس کمیلی، بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

جناب چیئرمین صاحب! میں اپنی گفتگو کا آغاز یہاں سے کروں گا کہ خود ہمارے مقتدر حضرات نے کہا کہ سب سے پہلے terrorism کو define کیا جائے۔ سب سے پہلے تو terrorism کو define کیا جائے کہ terrorism کسے کہتے ہیں، کونسا عمل terrorism کے زمرے میں آتا ہے اور کونسا نہیں آتا۔ جب تک یہ define نہیں ہوتا، آپ قانون پر قانون بناتے چلے جائیں، اس سے کچھ حاصل نہیں ہوگا بلکہ قانون misuse ہوگا۔ جناب والا! یقین کیجیے کہ قانون misuse ہو رہا ہے۔ آپ کی پولیس موجودہ دفعات کو misuse کر رہی ہے۔ میں اس کا عینی شاہد ہوں۔ میں چار دنوں سے آپ سے اجازت مانگ رہا ہوں مجھے اجازت نہیں مل رہی ہے۔ آج بھی میں point of order پر یہی عرض کرنا چاہ رہا تھا لیکن مجھے موقع نہیں ملا۔ اچھا ہوا کہ

terrorism کا یہ Bill آ گیا تو ہمیں بھی بات کرنے کا موقع مل گیا۔

جناب والا! کوئٹہ میں اس وقت پولیس نے بے گناہوں کو گرفتار کر رکھا ہے اور میں اس سلسلے میں ۲۸ رمضان کو IG صاحب سے بھی ملا۔ اس کے بعد ۲ دسمبر کو وزیر اعظم سے ملاقات کی۔ اس سینیٹ کے ہال میں وزیر اعظم سے بات کی۔ وزیر اعظم directives دے چکے ہیں' orders دے چکے ہیں اس کے باوجود کوئٹہ کی حکومت ان بے گناہوں کو رہا کرنے کے لیے تیار نہیں ہے۔ کیا اس ملک کا وزیر اعظم اتنا بے اختیار ہے کہ وہ directives issue کریں اور ان پر implementation نہ ہو' IG صاحب ٹال مٹول کریں یا کوئٹہ سے چلے جائیں' لاہور آ جائیں اور لاہور سے انڈیا چلے جائیں اور CCPO صاحب اپنی بے بسی کا اظہار کریں۔ جناب والا! یہ کب تک ہوتا رہے گا۔ ان بے گناہوں کا کیا قصور ہے؟ جس طرح کھوسہ صاحب نے کہا' انہوں نے جلوس نکالا جو ان کا ۲۵ سالہ حق تھا نکالنے کا۔ صرف انتقامی کارروائی کے طور پر پولیس نے ان کو arrest کیا اور ان پر terrorism کی دفعات لگا دیں۔ یہی نہیں ایک اور عالم دین پر غداری کا ایکٹ لگایا گیا ہے۔ خود میں آپ کے سامنے موجود ہوں۔ مجھ پر غداری کا ایکٹ لگایا گیا ہے۔ آج بھی میرے سر پر مقدمہ لٹک رہا ہے۔ اس ایوان میں تو میں معزز ہوں' کراچی میں معزز ہوں اور ہر امن کمیٹی میں تو لیا جاؤں لیکن میں بلوچستان میں terrorist ہو جاتا ہوں یا غدار بن جاتا ہوں۔ پولیس کو اگر آپ بے تحاشا اختیارات دیں گے۔۔ آپ کی پولیس خود terrorism میں ملوث ہے۔ کراچی میں مسجد حیدری میں جو کچھ ہوا' جو شواہد سامنے آئے ہیں' جو چیز ثابت ہو چکی ہے وہ ایک پولیس والا تھا جس نے وہاں پر bomb blast کیا ہے۔ خود اورنگی ٹاؤن میں بے تحاشا killing ہو رہی تھی اور اس کے بعد یہ انکشاف ہوا کہ یہ ایک پولیس اہلکار تھا جو ایک وقت میں پولیس کی ڈیوٹی انجام دیتا تھا اور دوسرے وقت میں terrorism کی activity کرتا تھا۔ جب اس کو گرفتار کیا گیا تو terrorism رک گیا۔ لہٰذا میری گزارش یہ ہے کہ قانون موجود ہے' قانون کو پہلے effective بنائیں۔ Rule of law ہونا چاہیے۔ ایسا نہ ہو کہ قانون تو سب بنا دیں اور وہ بجائے ظالموں کے مظلوموں کے خلاف استعمال ہو اور مظلوم پسیں۔ میں گزارش کروں گا کہ جو وزیر اعظم نے order جاری کیے ان پر فوری طور پر عمل ہونا چاہیے۔ شہزاد وسیم صاحب سے بھی ایک ہفتے سے بات کر رہا ہوں۔ مندوخیل صاحب سے بھی گفتگو ہو رہی ہے۔ کہیں کوئی

شنوائی نہیں ہے ۔ بے گناہوں کو arrest کیا جا رہا ہے اور ان پر مختلف دفعات لگا دی گئی ہیں، غداری کے مقدمات بنائے گئے ہیں اور وعدہ کر لینے کے بعد کہ وہ دوبارہ گرفتار نہیں ہوں گے، مزید arrest کیے جا رہے ہیں ۔

جناب والا! یہ سلسلہ ظلم کا اب رکنا چاہیے۔ قانون ضرور بنائیے لیکن یہ بھی دیکھیں کہ قانون کا صحیح استعمال ہو رہا ہے یا پولیس کو آپ اور زیادہ اختیارات دے رہے ہیں ۔ چونکہ DIG بھی اگر کسی کو clear کردے تو اس کے باوجود بھی وہ دفعات apply کرکے اس کو سزا دیتی ہے اور کسی کو اپنی بے گناہی ثابت کرتے کرتے لاکھوں روپے خرچ کرنے پڑتے ہیں اور سالوں لگ جاتے ہیں ۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، شکریہ ۔ فرحت اللہ بابر صاحب ۔

سینیٹر فرحت اللہ بابر، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ جناب چیئرمین ! میں بھی اپنے فاضل دوست عباس کمیلی صاحب کی بات کو آگے بڑھاتے ہوئے کہوں گا کہ terrorism کی تعریف ہونی چاہیے، اس کو define کرنا چاہیے، ورنہ یہ misuse ہوتا رہے گا، یہ misuse ہوتا رہا ہے ۔ کمیلی صاحب نے بھی کچھ مثالیں بیان کیں کہ کیسا terrorism کے نام پر بنا ہوا قانون misuse ہوچکا ہے اور ہو رہا ہے ۔

جناب والا! آپ کے علم میں ہوگا کہ پچھلے سال راولپنڈی میں چند سیاسی کارکنوں نے جن کا تعلق پاکستان مسلم لیگ ( ن ) سے تھا، ایک protest demonstration کی تھی۔ ان کے خلاف مقدمہ ابھی تک دہشتگردی کی عدالت میں چل رہا ہے ۔ وہ سیاسی کارکن تھے۔ انہوں نے ایک سیاسی ایجنڈے کے تحت پرامن جلسہ کیا تھا ۔ ان کے خلاف اب تک دہشتگردی کے تحت مقدمہ چل رہا ہے۔

جناب چیئرمین ! اکیس اپریل ۱۹۹۸ء کو اسی پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر ایک demonstration ہوئی اور demonstration اس وقت اس لیے ہوئی تھی کہ اس وقت اس پارلیمان میں Anti-Terrorism Bill discuss ہو رہا تھا demonstration ہو رہی تھی اس کے خلاف، demonstration کرنے والوں کو گرفتار کیا گیا ان پر بھی دہشتگردی کا الزام لگا

تھا۔

جناب والا! آپ کی یاددہانی کے لیے بیان کروں گا کہ ان میں سے ہمارے محترم رضا ربانی صاحب بھی تھے ۔ رضا ربانی صاحب کا سر اس میں پھٹ گیا تھا ۔ مقدمہ یہ بنا تھا کہ رضا ربانی صاحب نے پولیس والوں سے لاٹھی چھیننے کی کوشش کی ۔ خورشید شاہ صاحب نے لاٹھی چھیننے کی کوشش کی اور وہ لاٹھی رضا ربانی کے سر پر جا کر لگی ۔ رضا ربانی پر بھی دہشتگردی کا مقدمہ بنا تھا چونکہ وہ سینیٹر تھے لہٰذا بعد میں ان کا نام دہشتگردی کی list سے خارج ہوگیا ۔ لیکن میں آپ کے سامنے کھڑا ہوں ۔ میں سینیٹر نہیں تھا میرا نام ابھی تک اسی مقدمے میں ہے اور ہم ہر دو تین مہینے کے بعد پیشیاں بھگت رہے ہیں ۔ دہشتگردی کی clause تو ختم ہوگئی لیکن جناب والا! مقدمہ سالہا سال سے چل رہا ہے ۔ میں جس بات کی طرف آپ کی توجہ جناب چیئرمین! دلوانا چاہتا ہوں بالخصوص وہ اس نئے قانون میں یہ clause ہے کہ abduction or kidnapping for ransom یہ بھی دہشتگردی کے زمرے میں اب آتا ہے ۔ بالکل ٹھیک ہے آپ یہ کریں ۔

جناب والا! لیکن ایک اور طرح کی بھی abduction ہے، ایک اور طرح کی بھی kidnapping ہے ۔ اس کا اس میں کوئی ذکر نہیں ۔ اور وہ kidnapping by security agencies of Pakistan ہے جو لوگوں کو kidnap کرکے لے جاتی ہیں ۔ دو دو مہینے، تین تین مہینے، سال تک، ان کو بند رکھتے ہیں اور کوئی پرسان حال نہیں ہوتا ۔ اسی ایوان میں جناب والا! ہم نے ایک سوال پوچھا تھا کہ intelligence agencies کس قانون کے تحت لوگوں کو abduct اور kidnap کرتی ہیں، وہ قانون یہاں لایا جائے تاکہ اس قانون میں کچھ بہتری کی ہم کوشش کریں ۔ تو ہمیں کہا گیا کہ یہ sensitive معاملہ ہے۔ ہمیں کوئی علم نہیں اور معلوم نہیں کہ یہ security agencies پاکستان میں کس قانون کے تحت لوگوں کو abduct کرتی ہیں ۔ کوئی ان کے پاس قانونی اختیار ہے یا وہ on their own یہ کر رہی ہیں ؛ ہم نے ایک resolution پیش کیا جناب چیئرمین! ہم نے کہا کہ اس مسئلے پر بحث ہونی چاہیے لیکن وہ resolution بھی kill ہوگیا ۔ اس لیے kill ہوگیا کہ یہ sensitive معاملہ ہے ۔

جناب والا! abduction or kidnapping for ransom, no doubt terrorism میں آپ ڈال دیں لیکن abduction and kidnapping by the security agencies کو آپ

sensitive معاملہ نہ بنائیں ' اس کو بھی آپ پارلیمان میں لے آئیں' پارلیمان میں اس پر بحث کرائیں تاکہ وہ قانون جس کے تحت لوگوں کو abduct کیا جاتا ہے اس میں کوئی بہتری لائی جا سکے۔

آج ہی جناب چیئرمین! سینیٹ کے floor پر ثناء اللہ بلوچ کی وساطت سے ایک خاتون کی درخواست آئی ہے کہ اس کے خاوند کو اکتوبر 2001 میں security agencies نے kidnap کیا ہے ' وہ دو ساتھی تھے' ایک کو دو سال بعد چھوڑا ' دوسرا ابھی تک ان کی تحویل میں ہے کوئی پرسان حال نہیں ہے ' کوئی مقدمہ نہیں ہے ۔ اس لیے اس ایوان سے میری درخواست ہوگی کہ آپ جو بھی قانون بنائیں وہ ایسا ہو کہ misuse نہ ہو سکے اور اس قانون میں اس بات کی ضرور گنجائش ہونی چاہیے کہ kidnapping and abduction for ransom کی سزا تو ہو لیکن kidnapping and abduction by the security agencies کے لیے ان سے بھی پوچھ گچھ کا انتظام ہو۔ Thank you very much.

Mr. Deputy Chairman: Mrs. Rukhsana Zuberi.

سینیٹر انجینیر رخسانہ زبیری ، شکریہ جناب چیئرمین! یہ amendments جو House میں table ہوئی ہیں' ان میں چارصفحات میں محض imprisonment کو ہر جگہ بڑھایا گیا ہے' کہیں five times کہیں three times, وہاں پر کہیں بھی کوئی safeguard common citizen کو نہیں دیا گیا ۔ ان issues کو address نہیں کیا گیا جو ہمارے ملک میں عام practice ہے۔ جس طرح کا ہمارا investigative system ہے ' ایک خاتون کو جو Ph.D تھیں امریکہ سے پاکستان آئی تھیں ان کو arrest کیا گیا اور کوئی وجہ بتائے بغیر ' where she is کسی کو کچھ پتا نہیں this family went to the Interior Minister, who said that آپ گھر جائیے وہ لوگ آ جائیں گے اور اس بات کو تقریبا ڈیڑھ سال کا عرصہ ہوگیا ہے وہ آج تک گھر نہیں پہنچیں' ان کی family کو بھی arrest کیا گیا ہے کیونکہ they cannot move freely. یہ situation ہے ۔

ابھی حال ہی میں ایک senior executive اپنی چھوٹی بچیوں کے ساتھ جا رہے تھے ' ان کو arrrest کیا گیا

I talked to the IGP, he was not in the picture. I talked to the DIG, he was not in the picture. Nobody seems to know where he is and this man came after two days. He was in a very bad situation.

ہمارے ہاں کا یہ ایک نظام ہے ، نظام تو نہیں کہنا چاہیے .بہرحال یہی کچھ practice میں ہو رہا ہے اور ضرورت اس بات کی ہے کہ ان چیزوں کو address کیا جائے اور دیکھا جائے۔

جناب والا! کراچی جیل میں 78 years old خاتون تھیں جو نابینا ہو گئی ہیں، وہ وہاں پڑی ہیں، اس کو court نہیں لے جایا جاتا۔ 30 خواتین جیل میں ایسی ہیں جو کہتی ہیں کہ چھ ماہ سے ان کی پیشی نہیں ہوئی ہے ، کہیں تو administration پر بھی limitations ہوں۔ جناب والا! access to justice programme کے متعلق یہاں پر ایک question ہوا تھا اس سے پتا چلا کہ 90 % funds lapse ہو گئے' ' یہ ہمارا insensitive attitude ہے ۔ اور جناب والا! جس طرح کے قانون آ رہے ہیں، میں نے کل بھی آپ سے عرض کیا تھا کہ یہ event specific اور purpose specific ہے اور اتنی جلدی جو change آتی ہے آپ جانتے ہیں کہ اس سے وہ simulate نہیں ہو پاتیں ، اس پر action نہیں ہو پاتا اور آپ دیکھیں کہ how things are being misused. جو کراچی کے slum areas ہیں یا کہیں بھی پورے پاکستان میں ہیں وہاں پر اگر کوئی FIR register ہوتی ہے جس میں کوئی آدمی nominate نہیں ہوتا ، آپ یقین کریں it is like giving a blank cheque to the investigative officer وہ جس کو چاہتے ہیں اٹھا لیتے ہیں، ایک رات میں پچاس آدمی دو ہزار کی چوری کے لیے اٹھا لیتے ہیں

just because they want to snatch money from them. Sir, these things have to be addressed and I would really, humbly submit through you sir, that things need to be done about it. We need to put some limitations, some reponsibility to those who are investigating.

یہاں پر جہاں Section 8 and 9 میں کہا گیا ہے two adjournments, defence کو نہیں ملیں گی تو what about deciding the case as Senator Khosa rightly said?

What about putting limitations on them? So, sir, things need to be taken on right perspective ابھی تک I am of the view کہ جو بھی ہم legislation کر رہے ہیں وہ کچھ ہماری گورنمنٹ کی exigencies اور limitations ہیں جو وہ ان کو پورا کرنے کے لیے کر رہی ہے۔ It is not focused to serve the people of Pakistan. Sir, میں آپ سے جیل کا ذکر کر رہی تھی وہاں پر ایک بوڑھی خاتون کو arrest کرا دیا گیا ہے' اس کے اوپر یہ الزام لگا کہ اس نے ransom کے لیے بچے کو kidnap کیا تھا۔ بچے کو اس کے ہاں بھیج کر اور اس نے جو مجھے reason بتائی when I visited jail in Karachi اس نے مجھے یہ کہا کہ میری بیٹی کو جلا کے مار دیا گیا تھا۔ یہ اس کی تصویر ہے۔ میں اس case کو pursue کر رہی تھی تو میں اور میرا بیٹا جو دو survivers ہیں اس family کے ان کو اس مقدمے میں ڈال دیا گیا اور جناب! ان کو کوئی پوچھنے والا نہیں ہے۔ They are not taken to custody. The custody آتی نہیں ہے کیوں کہ پولیس یہاں پر دوسری duties پر لگی ہوتی ہے۔ پولیس سڑکوں پر ہوتی ہے۔ پولیس available نہیں ہے۔ ان کی گاڑیاں خراب ہیں' گاڑیاں خراب ہو جاتی ہیں۔ They are not taken. So, sir, please that has to be taken care of, thank you very much.

**Mr. Deputy Chairman:** Thank you very much. Abida Saif Sahiba.

**سینیٹر عابدہ سیف (ایڈوکیٹ)**، جناب چیئرمین! میں صرف یہ کہنا چاہتی ہوں کہ یہ قانون سیاسی مقاصد کے لیے استعمال نہ ہو جیسا کہ ماضی میں ہوتا آیا ہے۔ جناب چیئرمین! سب سے اہم بات یہ ہے کہ اس قانون پر عمل در آمد ہونا چاہیے۔ ہماری پولیس کو اس بات کا پابند کیا جانا چاہیے کہ اصل ملزمان کو گرفتار کیا جائے اور صحیح investigation کے بعد charge sheet تیار کی جائے۔ یہ نہیں کہ کسی ایک فرد کو گرفتار کر کے اور 50 نامکمل نام' نامعلوم ولدیت اور address ڈال دیے جائیں اور چالان تیار ہو جائے اور بعد میں اس نام کے کسی بھی شخص کو گرفتار کر کے جیل میں بند کر دیا جائے جیسا کہ ماضی میں ہوتا آیا ہے۔ تو پولیس کو اس چیز کا

پابند کیا جانا چاہیے کہ وہ اس قانون کو misuse نہ کرے بلکہ درست investigation کی جائے، پھر چالان تیار کیا جائے تاکہ ملک سے دہشت گردی صحیح معنوں میں ختم کی جاسکے۔ شکریہ۔

Mr. Deputy Chairman: Thank you. Prof. Sahib.

سینیٹر ساجد میر، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ جناب! اس میں کوئی شبہ نہیں جناب چیئرمین! کہ دہشت گردی پاکستان کا اور دنیا کا ایک بہت بڑا مسئلہ ہے۔ شاید مسئلہ نمبر 1 بن چکا ہے اور اس کے لیےہمیں ایک مؤثر قانون کی ضرورت ہے۔ لیکن قانون جب بنایا جاتا ہے، اس کی applications کی صورتحال دیکھ کر اس میں مناسب ترامیم کی ضرورت بھی پھرمحسوس کی جاتی ہے۔ 1997 میں جب Anti-terrorism کے لیے یہ قانون بنایا گیا، بہرحال یہ ایک انسانی قانون تھا، تجربے سے جو اس کی خامیاں سامنے آئی ہیں ان کو در اصل address کرنا چاہیے تھا لیکن یہ ترمیمی بل جو لایا جا رہا ہے اس میں صرف اور صرف ایک approach ہے جیسا کہ میرے بھائیوں نے یہاں point out کیا کہ بس سزاؤں کو بڑھا دو، اسی سے سارا دہشت گردی کا مسئلہ حل ہو جائے گا۔ حالانکہ اس میں جو اصل چیزیں تبدیل کرنے والی تھیں ان کو چھیڑا بھی نہیں گیا۔ میں دو باتوں کی طرف خاص طور پر آپ کی توجہ دلانا چاہتا ہوں۔ جناب! میں یہ سمجھتا ہوں کہ جیسا بھائیوں اور دوستوں نے یہاں کہا کہ terrorism کی کوئی حقیقی workable اور مؤثر definition ہونی چاہیے اور اس کا scope جو ہے وہ واقعتاً دہشت گردی اور terrorism تک محدود ہونا چاہیے۔ یہاں یہ ہے کہ بعض صورتوں میں terrorism کا اور دہشت گردی کا scope ضرورت سے زیادہ بڑھا دیا گیا ہے۔ اس original Act میں ترمیم کرنے کی ضرورت تھی، اس میں تبدیلی لانے کی ضرورت تھی۔ مثال کے طور پر original Act کا جو Section 8 ہےہمیں جو یہ کاغذات دیے گئے ہیں یہ ان میں صفحہ 9 پر ہے۔ اس میں "insulting words" کو بھی Terrorist Act میں include کیا گیا ہے۔ یہ میں آپ کو ایک مثال دے رہا ہوں لیکن مثالیں اور بھی ہیں۔ اب ان "insulting words" کا فائدہ اٹھاتے ہوئے کوئی سیاسی بیان، کوئی ایسا بیان جو آدمی نے کسی کے بارے میں نیک نیتی کے ساتھ دیا ہے، اگر انتظامیہ چاہے، اگر گورنمنٹ چاہے، اگر پولیس چاہے تو وہ اس سیاسی بیان دینے والے پر insulting word کی

شق لگا کر اسے بھی دہشت گردی کے اندر شامل کر سکتے ہیں اور اس کے خلاف چالان پیش کر سکتے ہیں یا اسے try کر سکتے ہیں۔ یہ چیزیں تھیں جن کو address کرنا چاہیے تھا۔ اسی طرح پولیس اور انتظامیہ اور میں تو یہ کہوں گا کہ ماتحت عدالتوں کا بھی ضرورت سے زیادہ اختیارات کا scope بڑھا دیا گیا ہے' اس کو address کرنا چاہیے تھا۔ اس میں تبدیلی لانی چاہیے تھی۔ مثال کے طور پر Section 10 صفحہ 9 پر "a power to search", جناب! اس پر ذرا آپ غور فرمائیں' میں آپ کی توجہ چاہتا ہوں۔ Power to enter for search اب اس میں نہ صرف پولیس افسر کو بلکہ آرمی اور سول armed forces سے تعلق رکھنے والے officers کو بھی یہ اختیار دیا گیا ہے کہ اگر انہیں شک ہو reasonable لکھنے میں تو "reasonable" لفظ ہی آئے گا کہ reasonable قسم کا شک ہو۔ ان کو اگر شک ہو اس premises میں کوئی ایسا مواد ہے جو کہ hatred پیدا کرنے کے لیے یا دہشت گردی کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے' they can enter there, they can make search there. یہ اس قسم کے جو اختیارات انتظامیہ اور پولیس کو دیے گئے ہیں آج تک وہ مفید ثابت نہیں ہوئے ان میں تبدیلی لانے کی ضرورت تھی' ان کو چھیڑا تک نہیں گیا اور صرف ایک approach رکھی گئی ہے۔

اسی طرح (h)21 صفحہ 34 پر' اس کو ذرا ملاحظہ فرمائیں کہ یہ جو admission before a police officer may be بے شک وہ Superintendent of Police ہو بس وہ ایک certificate دے دے کہ یہ ,admission اس نے میرے سامنے جو confession کیا ہے' یہ under duress نہیں تھا' کوئی اس پر pressure نہیں تھا اور میں نے اسے بتا دیا تھا کہ یہ تمہارے خلاف استعمال ہوسکتا ہے۔ This certifcate will be deemed to be enough by the court. اب وہ کہہ دے کہ جی اس نے یہ admission کیا ہے اور میرے سامنے اس نے مانا تھا کہ ہاں! میں نے دہشت گردی کی ہے۔ وہ اسے convict کرنے کے لیے کافی ہوگا حالانکہ سب کو پتا ہے کہ عدالت سے باہر ماورائے عدالت اور پولیس کے ہاں جو admissions ہوتے ہیں ان کی صورتحال کیا ہوتی ہے اور وہ کس طرح کرائے جاتے ہیں۔ وہ اسے مار مار کر ادھ مؤا کر کے اس سے confession کروائے گا اور پھر لکھ دے گا کہ اس پر کوئی تشدد نہیں ہوا اس کو بتا دیا گیا تھا' اس پر واضح کر دیا گیا تھا کہ یہ statement تم اپنی مرضی سے دے رہے ہو

اور یہ تمہارے خلاف بھی استعمال ہوسکتی ہے۔ اس کے کہنے پر ساری بات ختم ہو جائے گی۔ اصل میں یہ چیزیں ہیں جناب! ان کو address کرنا چاہیے، میں نے دو تین مثالیں دی ہیں اور ان کو address کرنے کی بجائے ایک ہی approach رکھی گئی ہے، اس میں کوئی شبہ نہیں کہ سخت جرائم کے لیے سخت سزائیں ہونی چاہییں، اس کو تجربے نے بھی support کیا ہے، اس کو اسلامی نقطہ نظر بھی support کرتا ہے۔ اب تو وہ لوگ جنہوں نے جھنڈا اٹھایا ہوا تھا کہ موت کی سزا غیر انسانی ہے اور اس کو ختم کرنا چاہیے اور اسلام میں بڑی پرتشدد اور خدانخواستہ وحشیانہ سزائیں ہیں، جنہوں نے ملک کے اندر اور ملک کے باہر یہ جھنڈا اٹھایا تھا وہ بھی یہ کہنے اور ماننے پر مجبور ہوگئے ہیں کہ سخت جرائم کے لیے سخت سزائیں ہونی چاہییں۔ اس کے ہم حق میں ہیں لیکن صرف ایک approach کافی نہیں ہے۔ جب تک آپ investigation میں انصاف ensure نہیں کرتے، جب تک آپ انصاف ensure نہیں کرتے، پولیس اور انتظامیہ میں اور جب تک آپ سزاؤں کے بڑھانے کے علاوہ دہشت گردی کو پیدا کرنے کے جو وسائل ہیں، جو بنیادی چیزیں ہیں، جب تک آپ ان کو address نہیں کرتے، اس وقت تک آپ اس مسئلے پر قابو نہیں پا سکتے نہ ملکی طور پر نہ بین الاقوامی طور پر۔ اس لیے میں گزارش کروں گا کہ اصل مقاصد کو address کرنا چاہیے۔ ان ترامیم کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔ سزائیں بڑھا دیں گے، سزائیں نہیں دی جا سکیں گی، عدالتیں ان پر properly عمل نہیں کرسکیں گی۔ Investigation ان کی صحیح نہیں ہوگی تو مسئلہ وہیں کا وہیں رہے گا بلکہ compound ہوتا چلا جائے گا۔ اس لیے میری گزارش ہے کہ اصل جو مسائل ہیں ان کو address کرنا چاہیے۔ Terrorism کا scope define کرنا چاہیے۔ اس میں غیر ضروری چیزیں جو شامل کی گئی ہیں، insulting words کی طرح کی، ان کو نکال دینا چاہیے اور پولیس کو، انتظامیہ کو جو غیر ضروری اور بے محابہ قسم کے اختیارات دیے ہوئے ہیں ان کو ختم کرنا چاہیے۔ بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین ، رضا محمد خان صاحب۔

سینیٹر رضا محمد رضا، شکریہ جناب چیئرمین! انسداد دہشت گردی کے اس Bill کے حوالے سے مجھے پشتو کے ایک مشہور شاعر حمید بابا کا ایک شعر یاد آتا ہے۔ (پشتو) معنی اس کے یہ

ہیں کہ پہلے میرا یار مجھے خود آ کے مار لیتا ہے پھر میرے قتل پر وہ روتا بھی ہے اور افسوس بھی کرتا ہے۔ اس یار کو کیا کہیں اس قتل کرنے پر اور اس افسوس کرنے پر۔ جناب چیئرمین! سب سے پہلے تو اس Bill کی اولین بات میں کہوں گا کہ یہ بدنیتی پر مبنی ہے۔ اس Bill کے ذریعے ہم دنیا میں یہ تاثر قائم کرنا چاہتے ہیں کہ ہم دہشت گردی کے مخالف ہیں اور ہم قانون لائے ہیں اور ہم اس پر قابو پانا چاہتے ہیں جبکہ حقائق یہ ہیں کہ ہم دہشت گردی کے مخالف نہیں ہیں۔ مملکت کے اداروں کی حیثیت سے میں بات کرتا ہوں۔ اس لیے جناب! یہ terrorism کی جو اصطلاح ہے اس نے ہماری سرزمین پر جنم لیا ہے۔ گزشتہ تین دہائیوں کے دوران دنیا کے بیشتر عوام میں، دنیا کے بیشتر ممالک میں یہ اصطلاح شاید اتنی مروج نہ تھی اور نہ دنیا کے عوام کو اس کی اہمیت کا اتنا علم تھا دہشت گردی Bill کے ذریعے ہمیں سب سے پہلے یہ اعتراف کرنا چاہیے تھا۔ اس کے پس منظر میں سب سے پہلے یہ دینا چاہیے تھا۔ ہمیں اس غلطی کا، اس جرم کے ارتکاب کا اعتراف کر لینا چاہیے تھا کہ ہمارے ملک میں ہم سے یہ کوتاہی ہوئی کہ ہم نے ایسے اقدامات کیے جن کے ذریعے اتنے بڑے پیمانے پر دہشت گرد پیدا ہوئے۔ جس نے خود ہمارے ملک کو، پورے خطے کو اور دنیا کو خطرات میں ڈال دیا۔ اب اس Bill میں ہم نے آتش گیر مادے کی بات کی ہے؛ بڑی خطرناک چیز ہے آتش گیر مادہ۔ لوگ مسجدوں میں، عدالتوں میں ان کا استعمال کرتے ہیں۔ اگر یہ پوچھا جائے کہ اس ملک میں اس بارود کے انبار میں کیا یہ افراد تھے، کوئی individual terrorist تھے جنہوں نے اتنے بڑے پیمانے پر اس ملک کو بارود کے ڈھیر میں تبدیل کیا۔ لاکھوں کروڑوں ایسے آتش گیر مادے ہیں اور سب سے کم قیمت پر۔ بدترین قسم کا destructive weapon آتش گیر مادے کی سب سے ارزاں قسم ہمارے ملک میں دستیاب ہے اور یہ ہم نے کر لیا۔ لاکھوں کی تعداد میں دہشت گرد۔ اب ہم جو کہتے ہیں کہ مسجدوں میں، چرچوں میں، عدالتوں میں--- جناب! انہی مساجد کو ہم نے دہشت گردی کے فروغ کے لیے استعمال کیا۔ ان کے لاؤڈ سپیکروں کو، ان کے تمام مقدس مقامات کو اور دن کے وقت ہم کفن بردار جلوس نکالا کرتے تھے۔ ہم نے ایسے slogan دیے، ایسے نعرے دیے، ایسی تبلیغ اور ایسے projections دیے کہ گویا یہ بڑا مقدس کام ہے۔ خدانخواستہ کسی کو یرغمال بنا کے، کسی کو مجبور کر کے، علاقہ چھوڑنے پر کسی کو مجبور کر کے، اپنے ضمیر کے خلاف اقدام کرنے پر، کسی

کو مجبور کر کے دولت کے استعمال کے ذریعے کہ ان کو انسانوں کے قتل پر مجبور کیا جائے۔ جناب! تین دہائیوں کے کام کے بعد اوجڑی کیمپ کا تجربہ ہم نے دیکھا۔ اس ملک میں یہ جو کہتے رہے ہیں اور ابھی ہم Bill میں بھی لائے ہیں کہ یہ ایسے خطرناک عناصر ہیں، ان کو ہم نے سزاؤں کے ذریعے control کرنا ہے۔

جناب چیئرمین! یہ تو بڑے طاقتور لوگ ہیں۔ اب تو ہمیں دہشت گردوں کی سزاؤں سے خوف ہے۔ خود ہمارے جرنیل محفوظ نہیں، ہمارے وزیراعظم محفوظ نہیں، کوئی شخص اس ملک میں محفوظ نہیں اور یہ اس لیے کہ آپ یہاں پر ایک سیکشن لائے ہیں کہ اس کا پاسپورٹ ضبط کیا جائے۔ یہ بڑی سزا سمجھی جاتی ہے کہ اس Bill کے ذریعے ہم کسی کے پاسپورٹ کو ضبط کریں۔ کیا ہم نے اس ملک میں چار لاکھ پاسپورٹ جاری نہیں کیے تھے؟ ضیاء الحق کے دور سے لے کر اب تک چار لاکھ خارجی دہشت گردوں کو ہم نے اس ملک کے پاسپورٹ جاری کیے تھے۔ صرف اس لیے کہ وہ ہماری سرزمین پر آکر ٹریننگ لیں اور ہم ان کو استعمال کریں۔ جن کے خلاف ہم دہشت گردی کا، جرائم کا ارتکاب کر رہے تھے۔ دنیا نے تو ان دہشت گردوں سے نجات حاصل کرلی۔ یہ تمام کھیل ہم نے افغانستان پر قبضہ کرنے کے لیے کھیلا تھا۔ اب افغانستان تو ایک جمہوری ملک بن گیا۔ وہاں پر آزادانہ انتخابات ہوگئے، آئین آگیا، قانون کی حکمرانی آگئی اور دہشت گردوں پر وہاں کی زمین تنگ ہے اب سوال یہ ہے کہ ہمارے ملک میں تمام دہشت گرد جمع ہیں۔ اب ان دہشت گردوں کو قابو کرنے کے لیے ایسے کاغذات کی ضرورت نہیں۔ سب سے پہلے دہشت گردوں کو جن قوتوں نے بنایا ہے اور پالا ہے، اور تربیت اور اتنی طاقت دی ہے وہ ہمارے ملک کی مسلح افواج کے ادارے ہیں جناب۔ اس ملک کے military کے جرنیلوں نے، ISI کے جرنیلوں نے یہ فصل اگائی ہے جس کو ہم کاٹ رہے ہیں۔

ہمیں اقدام یہ کرنے چاہییں کہ اس Bill سے پہلے ہمیں ایک ایسا Bill لانا چاہیے کہ فوجی جرنیلوں کا، ISI کا اس ملک کے اقتدار میں کوئی role نہیں ہوگا، اس ملک کے فیصلوں میں ان کا کوئی role نہیں ہوگا۔ آپ ابھی ISI کو، military کو اقتدار سے نکالیں تو ملک میں کوئی دہشت گرد نہیں ہوگا۔ اس ملک میں دہشت گردی کی اصطلاح خود بخود ختم ہو جائے گی۔ یہاں کے پرامن عوام کسی کے خلاف نہیں لڑیں گے، کوئی شیعہ سنی کے خلاف نہیں لڑے گا، کوئی

فرقہ واریت نہیں ہوگی، کسی مسجد پر حملہ نہیں ہوگا یہ ہمارے بنائے ہوئے لوگ ہیں اور اب تک ہم اس سے دست بردار نہیں ہوئے۔ ان کی protection جاری ہے۔ وزیرستان کا اپریشن آپ کے سامنے ہے۔ وہاں ہزاروں کی تعداد میں دنیا کے بدترین دہشت گرد موجود ہیں لیکن بظاہر ہم نے بڑا شور مچایا، ہم نے بڑی campaign کی لیکن تمام دہشت گرد وہاں محفوظ ہیں، ان کی supply موجود ہے۔ ہم نے ان کو آزاد چھوڑ دیا، ان کے خلاف campaign ہی ختم ہوگئی۔ جب تک دہشت گرد اپنی تمام طاقت کے ساتھ موجود ہیں اس وقت تک ہمارے عوام محفوظ نہیں ہو سکتے۔ ہمارے لوگ، ہمارے مذہبی ادارے، ہماری عدالتیں دہشت گردی کے اقدامات سے محفوظ نہیں رہ سکتے اور یہ ان سزاؤں سے نہیں، اس کے لیے ضروری ہے کہ سیاسی اقدامات کیے جائیں۔

اب جیسا کہ ہمارے ساتھیوں نے کہا، ثنا صاحب نے بہت کم figures بتائے ہیں۔ ساڑھے نو ارب روپے مختص کیے گئے ہیں پولیس لانے کے لیے۔ جہاں پولیس نہیں تھی وہاں پر جرائم بہت کم بلکہ نہ ہونے کے برابر ہیں، ان علاقوں کے مقابلے میں جہاں پولیس ہے۔ اب ہم وہاں پولیس لے کے جا رہے ہیں اور ان تمام اختیارات کے ساتھ بلکہ ان کے اختیارات میں دگنا چار گنا اضافہ کرکے ہم پولیس لے جا رہے ہیں۔ اربوں روپے خرچ کرکے ان کو جدید دور کی مراعات بھی دے رہے ہیں۔ پھر ہم اس امید میں ہیں کہ جرائم کم ہوں گے، دہشت گردی کم ہوگی۔ ایسا نہیں ہوگا ۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ ہم بحیثیت ملک فیصلہ کریں، اس پارلیمنٹ میں فیصلہ کریں، اس میں بڑے معزز لوگ ہیں، تجربہ کار لوگ ہیں۔ وہ ان چیزوں کے اسباب کو جانتے ہیں۔ دہشت گردی کا سدباب کرنے کے لیے جو لازمی اقدامات ہیں وہ ہمیں کرنے ہیں اور وہ یہ ہیں کہ ہمیں ISI کو کنٹرول کرنا ہے، ان کی funding کو روکنا ہے۔ یہ جو اربوں، کھربوں روپے ان کے کنٹرول میں ہیں وہ کہاں استعمال ہو رہے ہیں۔ وہ تو انہی لوگوں پر استعمال ہو رہے ہیں؛ جو Proxy war ہم لڑتے رہے ہیں کبھی کسی کے خلاف اور کبھی کسی کے خلاف اور جس کے ہم براہ راست شکار بنتے رہے ہیں اور یہ ہم بنیں گے جناب----

جناب ڈپٹی چیئرمین ،اب ختم کریں، conclude کریں۔

سینیٹر رضا محمد رضا، میں یہ conclude کروں گا کہ دہشت گردی کے ذمہ دار ہمارے

ریاستی ادارے ہیں بالخصوص فوجی جرنیل اور آئی ایس آئی، جب تک ہم ان کو کنٹرول نہیں کرتے کسی قانون اور ضابطے کے ذریعے ،جہاں تک اس قانون کی بات ہے اس میں ان سزاؤں کے ذریعے دہشت گردی کو ہم کنٹرول نہیں کر پائیں گے۔ یہ جو اختیارات ہم نے دیے ہیں ان سے دہشت گردی میں اضافہ ہوگا اور اسی کا نتیجہ یہ ہے کہ یہ ملک اب بھی بد ترین شہرت رکھتا ہے، دنیا میں کوئی بھی دہشت گردی کا واقعہ ہو تو اس کا نقش پا یہاں پہنچ جاتا ہے۔ اس کے لیے لازم ہے کہ ہم یعنی پارلیمنٹ ایسی قانون سازی کرے کہ military and ISI کو ہم سیاسی فیصلوں سے الگ کر دیں۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین :اب میں سیدمراد علی شاہ صاحب سے گزارش کروں گا' سید مراد علی شاہ صاحب۔

سینیٹر مراد علی شاہ: شکریہ جناب۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اس موضوع پر کافی بحث ہو چکی ہے اور تمام حضرات اس پر متفق ہیں کہ terrorism سے نمٹنے کے لیے سزاؤں کا بڑھانا علاج نہیں ہے اور اس میں صرف یہ کیا گیا ہے کہ سزائیں بڑھائی گئی ہیں۔ پہلے تو terrorism کی کوئی تعریف نہیں تھی کہ terrorism کیا ہے ؛ Terrorist کون ہے اور یہ کس پر apply ہوگا؛ اس کے ساتھ ساتھ میں یہ آپ کو بتا دوں کہ ہم کئی چیزیں کر رہے ہیں اور یہاں بیٹھے ہوئے میرے تمام ساتھی کافی سمجھ دار لوگ ہیں ، وہ انہیں سمجھتے ہیں کہ اس Bill سے کوئی فرق نہیں پڑے گا لیکن کئی چیزیں باہر کے ملکوں کو دکھانے کے لیے کی جاتی ہیں۔ امریکہ ہم سے خواہش رکھتا ہے کہ ہم terrorism کے خلاف کچھ اقدام کریں یعنی so-called terrorism کے خلاف کچھ کریں۔ ہمیں بعض دفعہ اپنے ہی ملک پر بمباری بھی کرنی پڑتی ہے کیونکہ شیخ رشید صاحب نے یہاں کہا تھا کہ اگر ہم بمباری نہیں کریں گے تو امریکہ بمباری کر دے گا۔ امریکہ ہم سے توقعات رکھتا ہے کہ ہم اپنے ہی لوگوں کو تنگ کریں اور ان کو ستائیں۔ ہم اپنی یہ کارگزاری دکھانے کے لیے کاغذی طور پر یہ کہہ دیتے ہیں کہ ہم نے سزائیں بڑھا دی ہیں۔ ایسی کوئی بات نہیں ہے اور میں اس پر کوئی زیادہ بات نہیں کروں گا۔ کافی باتیں ہو چکی ہیں لیکن سزائیں بڑھانے سے اس پر کوئی اثر نہیں ہوتا ہے۔یہ صرف ہم نے obey کرنا ہوتا ہے friends are

not masters, sir. لیکن اب وہ master ہیں۔ ہم slaves ہیں۔ ان کا جو بھی حکم ہوگا وہ بجا لایا جائے گا اور اس پارلیمنٹ کے ذریعے بجا لایا جائے گا اور یہ تمام چیزیں exterior ہیں اور باہر کی consumption کے لیے کی جا رہی ہیں۔ ان کو دکھایا جا رہا ہے کہ as a most obedient servant ہم نے یہ، یہ کام کر دیا ہے۔

جناب والا! دوسری بات یہ ہے کہ جہاں امریکہ آیا ہے، وہاں کبھی امن و امان نہیں ہوا ہے۔ کیا عراق جیسا امن و امان آپ چاہتے ہیں؟ افغانستان کے اندر بھی حکومت کی writ کابل سے باہر نہیں ہے۔ آج جو افغانستان کی ideal situation بتائی جا رہی ہے، اس سلسلے میں عرض کرتا ہوں کہ narcotics وہاں thousands time بڑھی ہیں۔ طالبان کے دور میں وہاں کوئی narcotics نہیں تھیں۔ انہوں نے اسے بالکل ختم کر دیا تھا۔ آج crime اور narcotics اتنی بڑھ گئی ہیں کہ اس کو کوئی control نہیں کر سکتا۔ جناب والا! نہ تو انہوں نے terrorism کو control کیا ہے، نہ وہاں کوئی بہتری آئی ہے۔ ہم ویسے ہی اپنے آپ کو مجرم سمجھتے ہیں۔ یہ جو ہمارا masochistic attitude ہے کہ ہم نے غلطیاں کی ہیں۔ میں عرض کرتا ہوں کہ ہم نے کوئی غلطی نہیں کی ہے۔ اگر بالفرض محال روس کے ساتھ لڑائی نہ کرتے اور روس کو contain کرنے کی کوشش نہ کرتے تو آج روس Middle East میں ہوتا اور اس وقت وہ super power ہوتا اور اس نے ساری energy پر قبضہ کر لیا ہوتا۔ اس طرح ہم نے ایک کام کیا ہے اور ہم نے Sub-Continent, Middle East and free world کو safe کیا ہے۔ برلن کی دیوار گرائی ہے۔ Eastern Europe کو آزاد کرایا ہے۔ یہ تمام کام پاکستان نے کیے ہیں اور اس پر ہمیں کوئی شرم یا ندامت محسوس نہیں کرنی چاہیے بلکہ ہم نے ایسا کر کے بنی نوع انسان کی بہت بڑی خدمت کی ہے۔ اگر روس اپنی پہلے والی position میں ہوتا تو وہ بھی آج super power ہوتا۔ اب دوسری power کے ساتھ ہم نپٹ لیں گے۔ یہ اتنا مشکل نہیں ہے۔ اس کے بہت ساتھی تھے، اس کی بہت قوت تھی اور وہ اب ختم ہو گئی ہے۔ اس لیے میں یہ بتانا چاہتا تھا کہ ہمیں اپنے کام پر کوئی ندامت نہیں ہے۔ ہم نے بالکل ٹھیک کام کیا ہے اور بنی نوع انسان کو اس مصیبت سے بچایا ہے۔ اب جب دوسری طاقت سامنے آئی ہے تو اس کے سامنے ہماری حکومت بڑی submissive ہو گئی ہے۔ اب یہ تمام چیزیں ان کو دکھانے کے لیے کر رہے ہیں

کہ بھائی! ہم نے سزائیں بڑھا دی ہیں اور کوئی خراب کام نہیں کیا ہے۔ ممکن ہے کہ وہ اس سے خوش ہو جائے لیکن ملک میں کوئی ایسی اصلاحات نہیں کی گئی ہیں ' اس کا طریقہ کار نہیں بدلا گیا بلکہ پولیس کو بے پناہ اختیار دے دیے گئے ہیں جس سے کوئی اچھائی نہیں ہو گی۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: بہت شکریہ۔

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی: جناب والا! میں بھی کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: دیکھیں! یہاں پر ایک طریقہ کار ہے کہ when the motion has started, then within fifteen to twenty minutes people give their names for speaking. اس کے بعد list close ہو جاتی ہے اور پھر it becomes very difficult to include the name of other speakers.

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی: میری عرض سن لیں۔

Mr. Deputy Chairman: I shall give time to all of you.

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی: جناب والا! legislation کے وقت ایسا نہیں ہوتا ہے۔

Mr. Deputy Chairman: I know and I understand that there is no time limit but in order to be able to control it...

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی: اگر آپ آئندہ کے لیے کوئی طریقہ کار بنانا چاہتے ہیں تو بنالیں لیکن پہلے ایسا نہیں ہوتا تھا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: لیکن normally practice یہی رہی ہے۔

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی: آئندہ کے لیے بنالیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ٹھیک ہے۔ ڈاکٹر کوثر فردوس صاحبہ۔

سینیٹر ڈاکٹر کوثر فردوس، شکریہ جناب چیئرمین! بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب! میں اس کے objective سے شروع کروں گی۔ جو statement of objects and reasons

دیا گیا ہے اس میں یہ کہا گیا ہے کہ in order to cater for increase terrorist activities in the country کہ ملک میں جرم بہت بڑھ گیا ہے لہٰذا اس کی سزائیں بھی بڑھائی جانی چاہئیں۔ جناب! مجھے تو یوں سمجھ آئی ہے کہ جرم بڑھ گیا ہے، مجرم پکڑے جاتے ہیں ان کو سزا ملتی ہے، وہ پھر واپس معاشرے میں آتے ہیں اور دوبارہ سے وہ کام کرتے ہیں۔ لہٰذا جو سات سال رہا، اس کو چودہ سال دے دیں، جو ۱۴ سال رہا، اب اس کو ۲۸ سال دے دیں۔ میرا خیال ہے کہ مجرم تو پکڑے ہی نہیں جاتے۔ ابھی تک صدر صاحب پر جو حملہ ہوا، جو وزیر اعظم کے اس جلسے میں ہوا، اس کے مجرم ہمیں تو نہیں پتا کہ پکڑے گئے۔ اور پھر ہوا یہ کہ جتنی بھی roads ہیں وہ کوئی ۱۵ منٹ، ۲۰ منٹ، آدھا گھنٹہ بلاک کر دی جاتی ہیں یا یہ ہوا کہ پلوں کے نیچے روشنیاں لگ گئیں یا یہ ہوا کہ پارلیمنٹ کے آگے ہمیں بہت zig zag میں سے گزر کر آنا پڑتا ہے۔ یہ اقدامات ہو گئے اور پکڑا کوئی نہیں گیا۔ جو سیکورٹی کا عمل بہتر بنانا تھا یا اس کو effective کرنا تھا وہ بھی کل کی اخبار میں ہے کہ مشرف کی سیکورٹی کا منصوبہ لندن کی سڑک پر پڑا مل گیا۔ جو ہماری سیکورٹی یا حفاظت پر مامور لوگ ہیں ان کے لیے شاید ضرورت تھی کہ کچھ ہوتا یا اصل جو وجوہات تھیں ان کو تلاش کیا جاتا، لیکن میرا خیال ہے اس طرف نظر نہیں گئی اور ہم نے یہ سوچا ہے کہ اس کی سزائیں بڑھا دیں۔

جناب! دوسری چیز جو مجھے بہت زیادہ عجیب لگ رہی تھی اور ہم ایک دوسرے سے پوچھ بھی رہی تھیں کہ terrorist کی تعریف کیا ہے اور کون لوگ ہیں جو اس زمرے میں آتے ہیں اور کون پکڑے جاتے ہیں۔ سر! original قانون اور اس کا text میں نے منگوا کر پڑھا ہے اور اردو کا مانگا تو پتا چلا ہے کہ وہ تو ابھی still pending with the translation branch for its translation in urdu. اس پر بھی میں ضمنی طور پر یہ کہنا چاہوں گی کہ یہاں پر جو minimum شرط تھی وہ B.A تھی اور اس سے پہلے تو شاید B.A بھی نہیں تھی تو اب بھی انگلش اور قانون کی زبان کون پڑھ سکتا ہے۔ کم از کم اردو text تو ہونا چاہیے کہ لوگ consult کر سکیں۔ سر! مجھے یہ سمجھ آئی ہے کہ ہر چیز terrorism ہے۔ ہر act جو ہے آپ اس کو terrorist activity label کر کے کسی بھی فرد کو پکڑ سکتے ہیں۔ مجھے لگتا ہے کہ وہی فرد وہی تقریریں کرتا ہے، وہیں رہتا ہے، پہلے سب کچھ کرتا رہتا ہے مگر پھر وہ خود پریشان ہوتا

ہے کہ اب میں terrorist بن گیا اور دیکھنے والے یہ کہتے ہیں کہ کل تو یہ بھلا چنگا تھا آج یہ کیسے terrorist بن گیا۔ تو وہ تعریف اتنی کھلی ہے ، اتنی vast ہے، اس میں آپ جب چاہیں جس کو چاہیں اس کے under لا سکتے ہیں۔ Activities میں بھی یہاں text میں دیا گیا ہے کہ اگر آپ Act of terrorism جو define کیا گیا ہے جیسے پہلے بھی ایک معزز رکن نے اس کی نشاندہی کی ہے کہ اگر آپ create sense of fear or insecurity in society, اب کس کس act کو آپ یہ نہیں کہہ سکتے ، کسی کو بھی آپ کہہ سکتے ہیں۔ اس لیے میں کہہ رہی ہوں کہ ایسی تعریف ہے جس میں سبھی آ سکتے ہیں۔ پھر پہلے سے یہ چیز موجود ہے کہ اگر at random firing to spread panic ہوتی ہے تو یہ بھی اس کے اندر آ جاتی ہے لیکن ابھی جو اس کا objective بتایا گیا ہے اس میں پھر یہ کہا گیا ہے کہ اگر فائرنگ کی جاتی ہے، بم بلاسٹ ہوتا ہے یا use of explosive ہے مساجد میں یا Churches میں تو وہ پہلے بھی موجود ہے۔ تو پھر دوبارہ سے وہی والی بات ہے جو پہلے سے لکھی ہوئی بھی ہے اور موجود بھی ہے۔ اس کی تکرار اور اس کی اصل وجہ وہاں پر نہیں ہے۔ سر اس کی بھی اس ایکٹ کے ذریعے کوئی سمجھ نہیں آتی کہ ایک فرد ایسا کام کرتا ہے تو اس کے نتیجے میں اس کی بھی provision ہے یا اس کی روک تھام کا کوئی ذریعہ ہے کہ اس فرد کو پہلے identify کیا جائے گا اور پھر اس کے بعد ایک legal طریقے کے ذریعے سزا دی جائے گی۔ ہمیں تو یہ نظر آتا ہے کہ ایک فرد کرتا ہے اور اس کی سزا کے طور پر پورا محلہ ، پورا قبیلہ ، پورا علاقہ ، حتیٰ کہ پورے ملک کو بھی سزا دے دی جاتی ہے۔ تو اس ایکٹ کی amendment میں اس چیز کی کوئی اصلاح ہونی چاہیے تھی کہ جو فرد کرے، پہلے اس پر فرد جرم عائد ہو ، کوئی ثبوت ہو اور اس کے بعد اس کو سزا ملے۔ یہ بھی ہوا ہے اور ہم اس کو بار بار بیان کرتے ہیں کہ ہم نے اپنے ملک سے کوئی ساڑھے چار سو دہشت گرد پکڑ کر امریکہ کے حوالے کیے ہیں ۔ اگر اپنے ملک میں قانون ہے اور ہم اس کے تحت سزائیں دے سکتے ہیں تو اس میں یہ بھی طے ہونا چاہیے تھا کہ ہم پکڑ پکڑ کر دیا کریں گے یا ہم خود بھی اس بات کے اہل ہیں کہ ان cases کے ساتھ deal کر سکتے ہیں۔

جناب! میں یہ کہنا چاہتی ہوں کہ اس حوالے سے بنیادی چیز یہی ہے کہ ہم نے terrorism کی جو بہت vast تعریف کی ہوئی ہے جس کی طرف سب نے اشارہ بھی کیا کہ

جب جس نے چاہا اس کو استعمال کیا تو اس کو تھوڑا سا محدود اور specify کرنے کی ضرورت ہے اور پھر جب بھی کوئی ایسی activity کرے، اس کو پکڑنے کی ضرورت ہے ۔یہ نہیں کہ کبھی اس کو چھوڑ دیا جائے اور جب وہ کسی اور جگہ پر ہو یا ایسی حیثیت میں چلا جائے تو ہم اس کو پکڑ لیا کریں ۔جناب! یہ میری گزارشات ہیں امید ہے ان کی پذیرائی ہوگی ۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین ،** بہت شکریہ ۔ .Thank you so much مہیم خان بلوچ صاحب! آپ بولیں گے ۔

**سینیٹر مہیم خان بلوچ ،** جناب چیئرمین! بہت بہت شکریہ ۔ عوام کی اولین ضرورت قانون، قانون کی بالادستی، قانون کی حکمرانی ہے کیونکہ سب سے پہلے عوام اپنی جان و مال کے تحفظ کا مطالبہ کرتے ہیں ۔ پہننے، کھانے، سر چھپانے کے مسئلے بعد کے ہیں ۔عوام کی جو اولین ضرورت ہے وہ ان کی جان و مال کا تحفظ ہے ۔ آج اس ایوان میں انسداد دہشت گردی کے حوالے سے جو Bill پیش کیا گیا ہے یقیناً یہ آج کی ضرورت ہے ۔ آپ ماضی کو بھی دیکھیں 1973 کا آئین بنا، اس آئین کے بعد اس وقت کی حکومت نے محسوس کیا اور اس میں سات ترامیم کیں ۔یہ ساتوں ترامیم سزا سے متعلق ہی ہیں ۔عدالت سے منسلک ہیں ۔ اس کے بعد بھی جو حکومتیں آئی ہیں انہوں نے بھی اپنی ضروریات کے مطابق آئین میں ترامیم کی ہیں ۔ آج انسداد دہشت گردی کے حوالے سے جو Act پیش ہوا ہے میں سمجھتا ہوں کہ اس کی بہت ضرورت ہے کیونکہ ہمارے ملک میں دہشت گردی کا جو culture develop ہوا ہے اور اتنا develop ہوا ہے کہ پاکستان کے پندرہ کروڑ عوام پریشان ہیں ۔ چھوٹے سے لے کر بڑے تک سب پریشان ہیں۔ بین الاقوامی طور پر دنیا کے ممالک میں ہمارے ہاں اس سلسلے کو تشویش کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے ۔ ظاہر سی بات ہے قانون کو نرم نہیں رکھنا چاہیے ۔ قانون کو بے وزن نہیں رکھنا چاہیے ۔ قانون کو طاقتور بنانا چاہیے اور اتنا طاقتور بنانا چاہیے کہ قانون پر عملدرآمد بھی ہو ۔

جناب والا! لیکن افسوس! کہ ہم قانون بناتے ہیں ۔ عوام سے کہتے ہیں کہ ہم آپ کی حفاظت کریں گے، ہم آپ کی جان و مال کی گارنٹی دیں گے ۔ ڈکیتی کے حوالے سے، قتل و

غارت کے حوالے سے ' انسداد کے حوالے سے ہم سزا دینے کے لیے قانون بناتے ہیں لیکن اس پر عملدرآمد جو بنیادی ضرورت ہے وہ ہمارے ہاں نہیں ہے ۔میں بلوچستان کی مثال دیتا ہوں۔ بلوچستان میں گزشتہ پندرہ بیس سال سے ایک ایسا ماحول ہے کہ بلوچستان کے اکثر و بیشتر حصوں میں بلوچ ، بلوچ کو بے دردی سے مار رہا ہے ۔ اس طرح مار رہا ہے کہ پہلے عام لوگ مرتے تھے' اب پچھلے پندرہ سال سے بہت اہم شخصیات ماری گئی ہیں جس میں غوث بخش رئیسانی صاحب مرحوم مارے گئے ۔ محمد علی مارا گیا ۔ صالح محمد رند ایک عظیم اور مدبر شخصیت تھے وہ مارے گئے ۔ نواب بگٹی کا بیٹا مارا گیا ۔ ڈومکی صاحب کے فرزند مارے گئے ۔جالاوان میں محمد سلیم مارا گیا ' اسلم گچکی مارا گیا اور بہت سے مارے گئے ۔میں یہ پوچھتا ہوں کہ یہ انسداد دہشت گردی کا Act وہاں پر کیوں نافذ نہیں کیا گیا۔ وہاں اس پر عملدرآمد کیوں نہیں ہوا ۔ جب ہم اس پر بات کرتے ہیں تو کہتے ہیں کہ قبائلی مسئلہ ہے ۔ کیا قبائلی مسئلہ ہے جب ایک انسان دوسرے انسان کو بے دردی کے ساتھ مارتا ہے تو ظاہر ہے کہ یہ دہشت گردی میں آتا ہے اور وہاں اس Act پر عملدرآمد نہیں ہوتا ۔ میں سمجھتا ہوں اور میں اس کی سب سے زیادہ ضرورت آج محسوس کر رہا ہوں ۔ ہم کہتے ہیں کہ بلوچستان میں اس پر عملدرآمد ہونا چاہیے اور بلوچستان میں ایک دوسرے کو مارنے کا جو culture ہے اس کو ختم ہونا چاہیے ۔ آج بھی بلوچستان میں بہت سارے لوگ ایک دوسرے کے خلاف مورچہ بند ہیں اپنے گھروں سے نہیں نکلتے' اپنے علاقوں سے نہیں نکلتے ہیں۔ سب سے بڑی بات یہ ہے کہ آج ہم جس Act کو طاقتور بنانے کی طرف جا رہے ہیں' اچھی بات ہے لیکن ہم کہتے ہیں کہ سب سے زیادہ اس پر عملدر آمد بلوچستان میں ہونا چاہیے۔ Sir, میں اس طرف بھی جاؤں گا کہ دہشت گردی کے بہت سے دوسرے عوامل ہیں' اب ہمارا قبائلی culture ہے' زمین بھی سردار کی' پہاڑ بھی سردار کے' ہر چیز سردار کی ہے اور سردار وہاں پر بیٹھتا ہے' فیصلے کرتا ہے' ان کی جیل بھی موجود ہے اور جیلوں میں اپنے بندوں کو بھی رکھتے ہیں اور جو شور کرتا ہے اسے مارتے بھی ہیں۔ آپ ان کو کیوں نہیں دہشت گردی کے تحت لے آتے ہیں' وہ بھی دہشت گردی ہے۔ ایک شخص پورے عوام کو اپنا غلام بنا کر رکھے' معاشی اور انتظامی حوالے سے ان پر اپنی طاقت کا استعمال کرے ' میں سمجھتا ہوں کہ یہ بھی دہشت گردی کے زمرے میں آتا ہے' اس Act کی وہاں پر implementation ہونی چاہیے۔ اسی طرح میں کہتا ہوں کہ پنجاب میں

ایک feudal culture ہے اور اس culture میں بھی اس قسم کی سزائیں ہیں کہ ہمارے بہت سے جاگیر دار وہاں کے معصوم کسانوں کو بے دخل کرتے ہیں جو کوئی بات کرتا ہے' اسے سزا دیتے ہیں' مارتے ہیں۔ کتنی وارداتیں پنجاب میں ہوئی ہیں' کتنی وارداتیں سندھ میں ہوئی ہیں۔ یہ دہشت گردی کے زمرے میں نہیں آتے' یہ بھی دہشت گردی کے زمرے میں آتے ہیں' ان کو بھی سزا ہونی چاہیے۔ لہذا' میں کہتا ہوں کہ آج اس کی ضرورت ہے اور ضرورت کے حوالے سے اسے پاس بھی کریں۔ سب سے بڑی بات یہ ہے کہ اس ایوان کے through ہم یہ کوشش کریں کہ ہمارے معاشرے میں جو feudal culture ہے' ایک tribal culture ہے' technocrat culture ہے۔ دوسرے حوالے سے وہ culture ہے کہ عوام کی آزادی کو' معاشی آزادی کو' سیاسی آزادی کو' معاشرتی آزادی کو' اس کی شہری آزادی کو انہوں نے چھینا۔ لہذا' ہم اس قسم کے Act کو پاس کر کے سب سے پہلے اپنے ملک میں ایسے افراد کے خلاف implement کریں کیونکہ ہم جب تک ایسے افراد کا انسداد نہیں کریں گے' ایسے افراد کی بالادستی کو نہیں روکیں گے کچھ نہیں ہوگا ۔ چاہے فرقہ وارانہ حوالے سے کہیں یا قبائلی حوالے سے کہیں یا feudal حوالے سے کہیں جو ہمارے ملک میں آئے دن وارداتیں ہوتی ہیں اور ان وارداتوں کی وجہ سے پورے عوام اور پورا ملک متاثر ہوتا ہے اور آج ہم دنیا کے سامنے تشویش کی نگاہ سے دیکھے جاتے ہیں۔ لہذا' میں سمجھتا ہوں کہ ہم سب سے پہلے اس کو پاس کریں۔ میں کہتا ہوں کہ ہم پولیس کے محکمے کو اس پر عملدرآمد کرنے کے قابل بنائیں۔ مثال کے طور پر پولیس کا جو financial مسئلہ ہے' ہم اس کو حل کریں اور police کو training دیں تاکہ police اس قانون پر عملدرآمد میں پیش پیش ہو نہ کہ وہ شخصیات کی گرفت میں آ کر' قانون کو پس پشت رکھے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین ، مسیم خان! thank you very much. بلیدی صاحب۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی ، Thank you Mr. Chairman. یہ ایک بہت اہم مسئلہ ہے جس پر آج Senate میں debate ہو رہی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ جو حکومتیں تبدیل ہوتی ہیں' یہ قانون بناتی ہیں لیکن جب یہ قانون بناتے ہیں تو یہ سمجھتے ہیں کہ موجودہ

Opposition کے لیے بنا رہے ہیں اور وہ انتقامی کارروائی کو سوچ کر بناتے ہیں لیکن آنے والے وقت میں اس میں وہ خود پھنس جاتے ہیں۔ مثلاً accountability کا جو نظام تھا، نواز شریف کی گزشتہ حکومت نے بنایا تو انہوں نے یہ نہیں سوچا کہ ممکن ہے کہ آنے والے وقت میں اس کی زد میں ہم آئیں۔ اس لیے میں سمجھتا ہوں کہ کاغذوں میں ، آئین میں ، کتابوں میں سزائیں تو بہت ہیں لیکن ان سزاؤں پر عملدرآمد کون کرائے جناب چیئرمین! implementation کون کرائے؟ جیسا کہ ہمارے ساتھیوں نے کہا کہ آج تک President پر تین حملے ہوئے لیکن منظر عام پر، کسی نے یہ نشاندہی نہیں کی کہ وہ کون تھے اور کون گرفتار ہوئے ہیں۔ اس کے علاوہ کوئٹہ میں، امام بارگاہ میں ہزاروں لوگ مارے گئے۔

Mr. Deputy Chairman: Let us have some order in the House please.

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: اور اس میں بڑی بڑی شخصیات ماری گئیں۔ کراچی میں مفتی شامزئی کا قتل ہوا، یہ دہشت گردی کس نے کی اور کون پکڑے گئے اور کس نے کرائی؟ میں سمجھتا ہوں کہ یہ لڑاؤ اور حکومت کرو ، حکومت کی ایک policy ہے کہ ہمیں اس میں مصروف کریں۔ ہمارا بابا امریکہ جو کہے اس کے کہنے پر کرتے ہیں یعنی وہ کہتے ہیں کہ دہشت گردی کے حوالے سے یہاں پر اسلام کا اثر ہے تو اسلامی قوت crush کرنے کے لیے ایک ایسا قانون بنائیں کہ ہم جس کو بھی چاہیں دہشت گردی کا label لگا کے ، اس کو گرفتار کر سکیں کہ یہ دہشت گردی کے زمرے میں آتا ہے۔ میں نہیں سمجھتا ہوں کہ اس دہشت گردی کا معنیٰ کیا ہے؟ جناب! پہلے جب افغانستان کی جنگ تھی، اس وقت القاعدہ کا لفظ استعمال نہیں ہوا تھا، اس کی ایجاد بھی نہیں ہوئی تھی۔ اس وقت جب امریکہ کو ضرورت تھی تو افغانستان کے لوگ مجاہد تھے۔ اس نے پاکستان کو استعمال کیا۔ امریکہ نے پاکستان اور افغانستان کے لوگوں کو روس کے خلاف استعمال کیا اور روس کو پیچھے دھکیل دیا۔ اب جب یہ لوگ امریکی مفادات کے لیے کام نہیں کرتے تو ان کا نام القاعدہ ہو گیا۔ What is the meaning of Alqaeda? القاعدہ کیا چیز ہے؟ القاعدہ سے صرف امریکہ پریشان ہے۔ دو سال پہلے القاعدہ کا لفظ کہاں تھا۔ اس وقت یہ

مجاہد تھے اب یہ القاعدہ ہو گئے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہماری حکومتیں اپنے فیصلے خود کرنے کی مجاز نہیں ہیں۔ ہمارے جتنے بھی فیصلے ہوتے ہیں ہم باہر سے dictation لیتے ہیں۔ ہم بالکل بے بس ہیں۔ ہماری پارلیمنٹ بے بس ہے، ہمارے سارے ادارے بے بس ہیں۔ میں کہتا ہوں کہ ہماری جو چار اہم منسٹریاں ہیں جب ہم ان میں تقرریاں بھی کرتے ہیں تو جب تک امریکی سفیر NOC جاری نہ کرے اس وقت تک ہم وہاں پر وزیروں کی تقرریاں نہیں کر سکتے۔ کیا یہ ہماری آزادی ہے؟ جناب چیئرمین! اگر ہم باہر کے ممالک کو خوش کرنے کے لیے یہاں پر آئین سازی کرتے ہیں اور amendments کرتے ہیں تو کل یہ دور ختم ہو جائے گا۔ ایسا نہ ہو کہ آج یہ قانون بنانے والے لوگ اس میں پھنس جائیں۔ اس بات کی کونسی گارنٹی ہے کہ یہ لوگ بچ جائیں گے۔ کوئی گارنٹی نہیں ہے۔ ابھی ایک سال بعد کیا تبدیلی آئے گی؟ کسی کو پتا نہیں ہے کیونکہ قوت عوام کے پاس ہے۔ عوام دبانے سے دبتے نہیں بلکہ عوام کی قوت مزید ابھرتی ہے۔

میں سمجھتا ہوں کہ جو لوگ پاکستانی مفاد میں بات کرتے ہیں اور امریکی مفادات کے خلاف کام کرتے ہیں تو جب امریکہ چاہے پاکستان سے مطالبہ کرتا ہے کہ ان لوگوں پر دہشت گردی کا لیبل لگاؤ اور ان کو اندر کرو۔ جیسا کہ میری بہن نے کہا کہ ہم اس قابل بھی نہیں ہیں کہ ہم اپنے دہشت گردوں کو خود سنبھال سکیں۔ ہم یہاں سے گرفتار کرکے بابا امریکہ کے حوالے کرتے ہیں اور کیوبا بھیج دیتے ہیں۔ جناب چیئرمین! ہمیں خدا سے ڈرنا چاہیے کیونکہ ہمارا تعلق ایک آزاد ملک سے ہے۔ ہم خود اپنی پالیسیاں بنانے کے مجاز ہوں۔ کب تک ہم دوسروں سے dictation لیں گے؟ ہم dictation نہ لیں۔ یہاں ۱۴ کروڑ عوام آزاد ہیں۔ میں حکمرانوں سے بھی کہنا چاہتا ہوں کہ آپ لوگ بھی آزاد ہوں۔ ایک فرد واحد اپنی کرسی بچانے اور مضبوط کرنے کے لیے ۱۴ کروڑ عوام کا سودا کرتا ہے۔ یہ کب تک آپ کریں گے؟ کب تک آپ حکومت میں رہیں گے؟ عوامی قوت کو آپ دبا نہیں سکتے ہیں۔ لہٰذا، میں سمجھتا ہوں کہ پاکستان کی خود مختاری کو بحال کرو۔ اپنے فیصلے خود کرو۔ ہم دہشت گردی کے خلاف ہیں۔ ہم اس کی مذمت کرتے ہیں لیکن میں سمجھتا ہوں کہ یہ جو دہشت گردیاں ہو رہی ہیں ان میں ایجنسیاں بھی ملوث ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، بلیدی صاحب! ذرا Bill پر بھی بات کریں۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، میں سمجھتا ہوں کہ یہ Bill کے زمرے میں آتا ہے۔ ان ایجنسیوں نے آج تک یہ نشاندہی نہیں کی کہ یہ دہشت گردیاں کون کرتا ہے۔ یہ ایجنسیاں کہاں ہیں؟ MI ہے' ISI ہے اور IB ہے۔ ان ایجنسیوں پر کافی رقم خرچ ہوتی ہے لیکن ان اداروں کی کوئی کارکردگی آج تک سامنے نہیں آئی۔

گوادر میں چین کے تین انجینیر مارے گئے۔ آپ مجھے بتائیں وہ قاتل کہاں گئے' وہ کون تھے اور کون گرفتار ہوا؛ وہ دہشت گردی نہیں تھی۔ یہ مذاق کرتے ہیں۔ یہ ادارے اپنی ذمہ داریوں کو کیوں ادا نہیں کرتے؛ میں سمجھتا ہوں کہ اس میں سخت سزائیں ہوں۔ ہم اس کے حق میں ہیں لیکن اس وقت اس کی ضرورت نہیں تھی پہلے جو سزا مقرر ہے وہ کافی تھی۔ یہ صرف باہر کے ممالک کو خوش کرنے کے لیے کیا جا رہا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ہمیں نہیں کرنا چاہیے اور یہ مناسب بھی نہیں ہے۔ ہمیں اپنے فیصلوں میں آزاد ہونا چاہیے۔

**Mr. Deputy Chairman:** Thank you very much. Anybody would like to speak?

رانجھا صاحب! آپ بول چکے ہیں لیکن اگر دوبارہ بولنا چاہتے ہیں تو تھوڑا بول لیں۔ It will help the Government.

سینیٹر ڈاکٹر خالد رانجھا، جناب چیئرمین! بڑی مہربانی۔ It will not help the Government, it will help the House. اس Bill کے متعلق اس طرف سے بے شمار باتیں ہوئی ہیں۔ ایک چیز جو قابل ذکر ہے وہ یہ ہے کہ قانون کی عملداری جب تک تیز نہ ہو' ہم جتنی مرضی ہو سزا بڑھا دیں اس کا فائدہ نہیں ہوگا۔ اس Bill میں حکومت نے یہ پہلی دفعہ کیا ہے کہ جج پر قدغن لگائی ہے کہ اگر وہ case کو مقررہ وقت پر نہیں سنے گا تو اس کے خلاف کارروائی ہو سکتی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ Ministry of Law قابل ستائش ہے کہ انہوں نے اس بات کو include کیا ہے لیکن جہاں ہائی کورٹ کی بات آئی ہے' جہاں اپیل کی بات آئی ہے وہاں خاموش ہیں۔ وہاں پر بھی یہ ہے کہ اپیل ، دن میں سنی جائے گی۔ تو میری بڑے ادب سے

گزارش یہ ہے کہ بات ہو رہی تھی کہ اس قانون کی عملداری ہونی چاہیے - سزا بڑھانا اپنی جگہ جائز ہے لیکن جب تک مقدمات کی سماعت جلدی نہیں ہوگی اس وقت تک قانون کا نہ تو تحفظ ہوگا نہ قانون کا وہ خوف ہوگا - اس میں میری درخواست ہے کہ جہاں تک ہائی کورٹ کا تعلق ہے وہاں بھی قدغن لگائی جاتی کہ اگر اپیل سات دن میں نہ سنی جائے تو اس کے کیا consequences ہوں گے - ایک اور بات میں کہوں گا کہ جب دہشت گردی کو design کیا گیا تو وہاں پتھر مارنے کو بھی دہشت گردی کہہ دیا گیا ہے - ہوتا یہ ہے کہ جب cases سنے جاتے ہیں تو کہتے ہیں کہ جج صاحبان فیصلے نہیں کرتے- اصل کیسوں کو تو وہ سنتے نہیں ہیں - اغوا یا، پتھر مارنے کے کیس کی وہ سماعت شروع کر دیتے ہیں اور کہتے ہیں جی ہمارے کیس آپ سن لیں - تو اس میں تھوڑی سی نظر ثانی کی ضرورت ہے جہاں تک اس کے عمل کا تعلق ہے - شکریہ -

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ - شہزاد وسیم would you like to wind up?

سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم : شکریہ - جناب چیئرمین ! Anti-terrorism (Second Amendment) Bill, 2004 پر آج Ist reading جاری تھی اور معزز اراکین نے اپنے اپنے خیالات کا اظہار کیا-

جناب! حقیقت یہ ہے کہ بدلتے ہوئے حالات کے ساتھ قانون میں بھی ترمیم کی جانی ضروری ہوتی ہے - ہمیں پہلے جائزہ لینا ہوگا کہ آج ہم کن حالات میں رہ رہے ہیں؟ اور ہمیں کن چیلنجوں کا سامنا ہے؟ اس میں کوئی شک نہیں کہ آج دہشت گردی ایک بہت بڑے چیلنج کی صورت میں ہمارے سامنے کھڑی ہے- اس بل میں ایک بنیادی بات جس کا تقریباً سب تقاریر میں ذکر کیا گیا وہ سزاؤں میں اضافے سے متعلق ہے-

جناب والا! میں نہیں سمجھتا کہ دہشت گردی کے ان واقعات کو دیکھنے کے بعد، ان واقعات کے اثرات کو دیکھنے کے بعد کسی کے دل میں بھی کوئی soft corner ہوگا دہشت گردوں کے خلاف- ہم نے دیکھا کہ ان دہشت گردوں کے ہاتھوں اسلام کا نام بدنام ہوا، پاکستان کا نام بدنام ہوا، اور ہمارے بچوں کا مستقبل آج گروی ہے - کیا وہ دہشت گرد جو مساجد میں خون کی ہولی کھیلتے ہیں، کیا وہ دہشت گرد جن کے ہاتھوں سے کمسن بچے تک محفوظ

نہیں ہیں ، کیا وہ دہشت گرد جو کسی میں تمیز نہیں رکھتے وہ کسی قسم کی بھی نرمی کے لائق ہیں تو پھر بات کریں۔

یہاں پر کہا گیا کہ لوگ پکڑے نہیں جاتے ۔ اور یہاں پر واقعات سنائے گئے۔ یہ خود اس بات کو endorse کرتے ہیں کہ دہشت گردوں کے حوصلے بھی کسی حد تک بلند ہیں ۔ اس کی وجہ ایک effective قانون کا نہ ہونا ہے ۔ ایک مضبوط قانون کی حیثیت ایک deterrent کی بھی ہوتی ہے اور اس کی عدم موجودگی میں ہمیشہ قانون شکنوں کے حوصلے بلند رہتے ہیں ۔ اس قانون کے اندر یہ کوشش کی گئی ہے کہ اس کو اتنا مضبوط بنا دیا جائے کہ دہشت گردی کے واقعات میں کوئی بھی ملوث ہونے سے پہلے اس کے انجام کے متعلق بھی ضرور سوچے ۔ اس قانون کی ایک اور بات یہ ہے کہ اس میں اغوا برائے تاوان کو بھی شامل کیا گیا ہے ۔ آپ حالیہ واقعات دیکھیں ، میں Chinese engineers کی kidnapping کا ذکر یہاں پر کرنا چاہوں گا ، اس قسم کے اور بھی واقعات ہیں جہاں پر دہشت گرد اس قسم کے واقعات میں ملوث ہوئے اور جب وہ پکڑے جاتے ہیں تو قانون اتنا مضبوط نہیں کہ وہ ان پر ہاتھ ڈال سکے۔

جناب والا! یہاں پر کچھ اراکین نے دہشت گردی کو as a subject بھی discuss کیا اور کہا کہ اس کے اسباب پر بھی بات کی جائے ، ضرور کی جائے، ہم بھی چاہتے ہیں کہ اس کے اسباب پر بات کی جائے لیکن ہر مسئلے کی مختلف dimensions ہوتی ہیں اور ان تمام کو address کرنا ضروری ہوتا ہے ۔ اگر ایک بیماری ہے بھی تو اس کے لیے حفاظتی تدابیر ہوتی ہیں مگر دوسری طرف جب وہ ایک ناسور کی صورت اختیار کر جاتی ہے تو پھر نشتر بھی چلانا پڑتا ہے آپ نشتر کو اس لیے نہیں رکھ دیں گے کہ جب تک وہ تمام احتیاطی تدابیر مکمل طور پر نافذ نہ ہو جائیں ، ہر چیز اپنی جگہ پر نہ ہو جائے ، اس وقت تک آپ اس کا علاج نہیں کریں گے ۔ یہ دونوں چیزیں بیک وقت چلتی ہیں اور ان کو بیک وقت چلنا چاہیے۔

میں ایوان کا مزید وقت نہیں لینا چاہوں گا کیونکہ میں سمجھتا ہوں کہ اس Bill کے اندر ان تمام چیزوں کا احاطہ کیا گیا ہے ۔ صرف ایک بات جس کا یہاں پر ذکر ہوا اور میں اس کا جواب دینا ضروری سمجھتا ہوں وہ misuse کے متعلق ہے ۔ کسی بھی قانون کا اگر misuse ہوتا ہے تو اس کی وجہ law نہیں ہوتا اس کی وجہ misuse of authority ہوتی ہے ۔ اس کی سزا law

کو نہیں دینی چاہیے یا اس کی وجہ سے law کو مضبوط کرنے میں کسی قسم کا اعتراض نہیں کرنا چاہیے ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں آپ سے اجازت چاہوں گا۔ شکریہ۔

**Mr. Deputy Chairman:** Your last point was very important but something should be made sure that those people who do it, they should be taken to task. It has been moved that the Bill further to amend the Anti-terrorism Act, 1997 [The Anti-terrorism (Second Amendment) Bill, 2004 as passed by the National Assembly be taken into consideration.

*(The motion was carried.)*

**Mr. Deputy Chairman:** The motion is adopted. We may now take up 2nd reading of the Bill, clause by clause reading. Clause 2. The question is that clause 2 do form part of the Bill.

*(The motion was carried.)*

**Mr. Deputy Chairman:** Clause 2 stands part of the Bill. Clause 3. There is an amendment in the name of Mian Raza Rabbani in Clause 3. Please move the amendment.

**Senator Mian Raza Rabbani:** Sir, I beg to move that in Clause 3 of the Bill, sub clause 1, 5 and 7. be deleted.

**Senator Dr. Shahzad Wasim :** Opposed.

**Senator Mian Raza Rabbani:** Sir, this pertains to Section 7 of the original Act and what basically in all the amendments I have sought is to go back to the basic provisions of the Act, the enhancement in punishment, I have sought to go back to the basic Act. Sir, I will just read out the amendments as we go along.

**Senator Dr. Shahzad Wasim:** Sir, in Sub Clause 1, 3, 5 and 7 we are providing severe punishment by way of enhancement which is necessary keeping in view the recurrence and gravity of offences and the present situation. Sir, the terrorist activities are going on non-stop which are causing concern at the national level. Therefore, amendment is un-necessary and we oppose it.

**Mr. Deputy Chairman:** Now, I put ther amendment to the House.

*(The motion was negatived)*

**Mr. Deputy Chairman:** Clause 3 forms part of the Bill. Clause 4. There is an amendment in the name of Mian Raza Rabbani. Please move the amendment.

**Senator Mian Raza Rabbani:** Sir, I beg to move that in Clause 4 of thc Bill, for the proposed sub Section 2, the following be substituted namely, "to a person who commits an offence under sub Seciton 1, shall be liable by way of summary procedure to simple imprisonment for term not exceeding three months or to a fine or to both". Sir, this is again as I said is going back to the original clause of the Act.

**Senator Dr. Shahzad Wasim:** I oppose the proposed amendment.

**Mr. Deputy Chairman:** I now put the amendment to the House.

*(The motion was negatived)*

Mr. Deputy Chairman: The amendment is rejected. The question is that Clause 4 do form part of the Bill.

*(The motion was carried)*

Mr. Deputy Chairman: Clause 4 stands part of the Bill. Clause 5, the question is that Clause 5 do form part of the Bill.

*(The motion was carried)*

Mr. Deputy Chairman: Clause 5 stands part of the Bill. Now Clause 6, the question is that Clause 6 do form part of the Bill.

*(The motion was carried)*

Mr. Deputy Chairman: Clause 6 stands part of the Bill. There is an amendment in the name of Mian Raza Rabbani in Clause 7. Please move the amendment.

Senator Mian Raza Rabbani: Sir, I beg to move that in Clause 7 of the Bill, for the proposed sub-section 2, the following be substituted namely;

"( 2) any person guilty of an offence under sub-section (1) shall be liable by way of a summary procedure on conviction to a maximum term of 6 months and a fine".

Senator Dr. Shahzad Wasim: I oppose the amendment.

Mr. Deputy Chairman: Now, I put the amendment to the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Deputy Chairman: The amendment is rejected. The

question is that Clause 7 do form part of the Bill.

*(The motion was carried.)*

**Mr. Deputy Chairman:** Clause 7 stands part of the Bill. There is an amendment in the name of Mian Raza Rabbani in Clause 8. Please move the amendment.

**Senator Mian Raza Rabbani:** Sir, I beg to move that in Clause 8 of the Bill, number 1, in para 1, for the words "five years" occurring in the first line, the words "six months" and for the words "ten years" occurring in the second and third line, the words "five years" be substituted. Number 2, in para 2, for the words "five years" occurring in the first line, the words "six months" and for the words "ten years" occurring in the second and third line, the words "three years" be substituted.

**Senator Dr. Shahzad Wasim:** I oppose.

**Mr. Deputy Chairman:** I now put the amendment to the House.

*(The motion was negatived)*

**Mr. Deputy Chairman:** The amendment is rejected. The question is that Clause 8 do form part of the Bill.

*(The motion was carried.)*

**Mr. Deputy Chairman:** Clause 8 stands part of the Bill. There is an amendment in the name of Mian Raza Rabbani in Clause 9. Please move the amendment.

**Senator Mian Raza Rabbani:** Sir, I beg to move that in Clause

9 of the Bill, in Para 1, for the proposed sub-section (8), the following be substituted, namely:-

"(8) An anti-terrorist court shall not adjourn any trial for any purpose unless such adjournment is in its opinion necessary in the interest of justice and no adjournment shall in any case be granted for more than one year."

**Senator Dr. Shahzad Wasim:** I oppose.

**Mr. Deputy Chairman:** Now, I put the amendment to the House.

*(The motion was negatived)*

**Mr. Deputy Chairman:** The amendment is rejected. The question is that Clause 9 do form part of the Bill.

*(The Motion was carried)*

**Mr. Deputy Chairman:** Clause 9 stands part of the Bill. Clause 10, the question is that Clause 10 do form part of Bill.

*(The Motion was carried)*

**Mr. Deputy Chairman:** Clause 10 stands part of the Bill. There is an amendment in the name of Mian Raza Rabbani in Clause 11. Please move the amendment.

**Senator Mian Raza Rabbani:** Sir, I beg to move that in Clause 11 of the Bill, number 1, for the words "five years" occurring in the second line, the words "one year" be substituted and number 2, the words "ten years" occurring in the third line be deleted.

Sir, this basically deals with the amendment to Section 21 (l) of the original Act.

**Senator Dr. Shahzad Wasim** : Sir, the proposed amendment isopposed.

**Mr. Deputy Chairman**: I, now, put the amendment to the House.

*(The motion was negatived)*

**Mr. Deputy Chairman**: The amendment is rejected. The question is that Clause 11 do form part of the Bill. Can we have some order in the House please.

*(The motion was carried)*

**Mr. Deputy Chairman**: Clause 11 stands part of the Bill. There is a luke warm. Do you want me to make mistake? We will do it tomorrow. Clause 12. The question is that Clause 12 do form part of the Bill.

*(The motion was carried)*

**Mr. Deputy Chairman**: Clause 12 stands part of the Bill. There is an amendment in the name of Mian Raza Rabbani in Clause 13. Please move the amendment.

**Senator Mian Raza Rabbani**: Sir, I beg to move that in Clause 13 of the Bill, the proposed new Section 28 (a) be deleted. Sir, this section that they have, this is a new section that they are providing for in Anti-terrorist Act and this section is not predominantly but this section deals with that when a person is charge sheeted under the Act, his

passport would be impounded. I think that this is something which is against the basic norms of natural justice. It is something which denies the person of his fundamental right and because normally in these cases a person is behind bars in any case, so, there is no provision that he can leave the country. So, therefore, I move this amendment that this be deleted.

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ وزیر صاحب! آپ کا کیا خیال ہے؟

**Senator Dr. Shahzad Wasim:** Sir, I oppose this amendment.

**Mr. Deputy Chairman:** I, now, put the amendment to the House.

*(The motion was negatived)*

**Mr. Deputy Chairman:** The amendment is rejected. The question is that Clause 13 do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

**Mr. Deputy Chairman:** Clause 13 stands part of the Bill. Clause 14. The question is that Clause 14 do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

**Mr. Deputy Chairman:** Clause 14 stands part of the Bill. We, now, take up Clause 1, Preamble and Title of the Bill. The question is that Clause 1, Preamble and Title do stand part of the Bill.

*(The motion was carried.)*

**Mr. Deputy Chairman:** Clause 1, Preamble and Title stands

part of the Bill. Wasim sahib, please move item No.8.

Senator Dr. Shahzad Wasim: I beg to move that the Bill further to amend the Anti-terrorism Act, 1997 [The Anti-terrorism (Second Amendment) Bill, 2004], be passed.

Mr. Deputy Chairman: It has been moved that the Bill further to amend the Anti-terrorism Act, 1997 [The Anti-terrorism (Second Amendment) Bill, 2004], be passed.

*(The motion was carried.)*

Mr. Deputy Chairman: The motion is adopted and the Bill stands passed. Wasim sahib, I think we should call it today.

Senator Wasim Sajjad: Sir, whatever you decide.

Mr. Deputy Chairman: In exercise of the powers conferred by Clause (1) of Article 54 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, I hereby prorogue the Senate session summoned on Friday, the 26th November, 2004, on the conclusion of its business. And thank you very much all of you for giving absolute cooperation.

Sd/-

**(General Parvez Musharraf)**

President.

----------------

*[The Senate then prorogued sine die.]*

------------------